[illegible]

جب شام تک نہ آئی وہ مجنون کی مہ جبین	چھپ چھپکے بیسے روتی رہی گھر مین نازنین
بیم پدر کبھی کبھی مادر سے سہمگین	بیتابی جب تو ایسی ہوئی قیس کے تئین
بیکل تمام رات رہا خستہ و حزین	اشکون سے آنکھین اوسکی بھر ہی صبح تک رہین
جو ہجر نے دکھائین جفائین وہ سب سہین	کہتا رہا یہ دل سے کہ اے دل ہے یقین

لیلی کا میرے پاس جو آنا نہووے گا
تو میری زندگی کا ٹھکانا نہووے گا

مجنون کے دل پہ جب یہ ستمگاریان ہوئین	فرقت کے درد و غم کی گرفتاریان ہوئین
ہر آن بیبسی کی مددگاریان ہوئین	ہر دم ادھر اودھر کی آہ و زاریان ہوئین
اوٹھنے کی ننگ و نام کی تیاریان ہوئین	ہجران کی لحظہ لحظہ جفا کاریان ہوئین
جتنی کہ اوسکو ملنے کی دشواریان ہوئین	اوتنی ہی اوس صنم کو بھی ناچاریان ہوئین

جیسا کہ اوسکے دل کے تئین رنج و تاب تھا
ویسا ہی نازنین کے تئین اضطراب تھا

کتنے دنون تو قیس رہا دل سنبھالتا	ہر لحظہ رنج و درد سہا انتظار کا
جو فکر وصل ہوتی ہے چاہت مین جابجا	اوس بیقرار نے بھی کیا سب وہ ٹھاٹ ٹھکا
لیلی کا جب گذر نہ ادھر مطلقاً ہوا	پھر تو گھر اپنا بھی اُسے لگنے لگا بُرا
مان باپ سے بھی رہنے لگا ہر گھڑی خفا	سمجھاتے تھے جو اوسکے تئین خویش و اقربا

آنکھون سے آنسو بہتے تھے اور لب خموش تھا
ہر گز کسیکی بات پہ رکھتا نہ گوش تھا

[illegible]

پھر گھر میں اپنے جاتی جو محبوب دلربا
دیتی وہ کچھ تو مجنون سے کہتی تھی تو بھی لا
چھوڑے تھی اوس نشانی کو سب سے چھپا چھپا
رہتی تمام رات اسی دھن میں مبتلا

مجنون جو کچھ صنم سے نشانی تھا مانگتا
مجنون بھی دیتا اوسکو تو لیکر وہ مہ لقا
مجنون بھی ہر گھڑی اوسے آنکھوں پہ رکھتا تھا
آمین وہ صبح جب انہیں دیتی تھی منہ دکھا

مکتب میں پھر تو آنیکی تشدید ہوتی تھی
دونوں کو وہ سحر سحر عید ہوتی تھی

جبتک یہ خورد سال تھی چاہت نہان رہی
لوگوں میں چرچے ہونیلگے اسکے ہر گھڑی
جاناکسی کے سینے ملامت کسینے کی
کچھ بن سکا نہ جستجو ہوئی اونکو ہر کبھی

سیانی ہوئی تو تاڑ نیوالوں پہ کچھ کھلی
چاہت کے گل کی بو نہ رہی آخرش چھپی
پھر تو وہ پھیلی ایسی کہ پہونچی گلی گلی
چھٹتین کی تھی جو چاہ تو ہرگز نہ چھٹ سکی

آسان نہیں ہے رشتۂ الفت کو توڑنا
مشکل ہے بالے پن کی محبت کو چھوڑنا

پہونچی یہ بات خانۂ لیلی میں جس گھڑی
لیلے جب اونکے روبرو آ کر ہوئی کھڑی
کچھ جھڑکیاں دیں باپ نے کچھ ماں ہوئی کڑی
تدبیر اور اسکے سوا کچھ بن پڑی

ماں باپ کے دلوں میں پڑی غم کی گتھی
دونوں کی طبع کثرت تنبیہ پر اڑی
ہیبت دکھائی اور تقید بھی کی کڑی
مکتب سے اوسکو منع کیا مار کر چھڑی

مجبور کر دیا وہیں فرحت کے ساتھ سے
تختی کتاب چھینلی لیلے کے ہاتھ سے

مجنون کا مدتون تلک ایسا ہی حال تھا
گھر بنگیا بہانہ تو تنگ مُنہ کو تنگ لیا
سر کی خبر نہ اپنی اسے تھی نہ ہوش پا
رہتا تھا اندرِ غمِ فرقت مین دل پھنسا

آیا کبھی تو ٹھہرنے اوسکو نہ وان دیا
ورنہ وہ اپنے پھر اوسی وادی مین جا پڑا
لیلےٰ ہی لیلےٰ اوسکی زبان پر تھی جا بجا
تن کا بیان مین یار و کہون اوسکو اور کیا

غالب جو اوسکے جی پہ وہ دیوانہ پن ہوا
لیلےٰ کی جو کمر تھی وہ اوسکا بدن ہوا

کہتا تھا دمبدم مری دلدار لیلیٰ ہے
محفل مین دلبرون کی نمودار لیلیٰ ہے
ناز و ادا کی گرمیِ بازار لیلیٰ ہے
محبوب گلرخون کی وفادار لیلےٰ ہے

اس خستہ دل کی مونس و غمخوار لیلیٰ ہے
خوبی و دلبری مین چمن زار لیلیٰ ہے
خوبانِ نازنین مین فسونگار لیلیٰ ہے
مجنون کی عاشقی کی سزاوار لیلےٰ ہے

لیلےٰ ہی کی ادا پہ مرا دل نثار ہے
لیلےٰ ہی کی نگہ مرے سینے سے پار ہے

مان باپ نے جب اوسکی یہ کچھ دیکھی بیکلی تو
مادر پدر نے لیلیٰ کی بات اوس سے یہ کہی
سنتے ہین وہ تو رہتا ہی وحشی سا ہر گھڑی
انسے کہا تو بات سے یہ کہہ بھیجا ہر گھڑی

مشاطہ ایک خانۂ لیلےٰ مین بھیجدی
لڑکی کی اونکی تو ہے جنون سے لگن لگی
مشاطہ جب یہ سنکے ادھر سے ادھر پھری
سب جھوٹ ہے جو کہتے ہین اوسکی دیوانگی

کچھ خوف مت کرو اوسے ہر دم پہ کیجو لو
باور نہو تو اپنی تم آنکھون سے دیکھ لو

ماں باپ کے بھی دل کو ادھر لگ رہی خوشی | یعنے پسند ہو گئی انھیں طرز قیس کی
اتنے میں آئے پھر کے ادھر سے جو وہ سبھی | جو واردات گذری تھی اگر وہ سب کہی
اور یوں کہا بہت ہمیں شرمندگی ہوئی | اوس سے تو ہم بچاتے تو بہتر وہ بات تھی
خاطر میں پھر تو قیس کے دیوانگی بڑھی | شرم و حیا و صبر نے جب دل سے راہ لی

پھر تو ہمیشہ کوچۂ لیلےٰ میں جاتا تھا
بیتابیاں جتاتا تھا اور غل مچاتا تھا

آخر یہ قیس کی ہوئی حالت پھر آشکار | گر ڈالا اپنے غم سے گریباں تار تار
گھر کو بھی اپنے چھوڑ دیا ہو کے بیقرار | لیلےٰ کے در پہ آپڑا بس ہو کے بیوقار
وانسے بھی جب اوٹھا دیا اوسکو بحال زار | گلیوں میں جب تو پھر نے لگا ہو کے دلفگار
لڑکوں کا تھا ہجوم لگا ساتھ بیشمار | آنکھیں بھی سرخ نالوں کی غل شور بار بار

کثرت میں عشق تھا جو بتِ گلعذار کا
اک جوش تھا جنوں کے چمن کی بہار کا

لیلےٰ بھی اوسکی چاہ میں بے اختیار تھی | منہ کو لپیٹے رہتی تھی مسند پہ وہ پڑی
ملنے کو اوسکے آتی تھیں جب لڑکیاں کبھی | وہ غمزدہ کسی سے بھی ہرگز نہ بولتی
ہٹ کر تیں وہ تو اونکو سناتی تھی وہ گھڑی | نہ بہار میرے پاس آیا کرو کبھی
آنکھوں میں اشک آہ بلب اور لبوں پہ دم تھی | صحبت مجھے کسیکی نہیں لگتی ہے بھلی

مجنوں کے دیکھنے کی تمنا مدام تھی
لیتی سحر سے شام تلک اوسکا نام تھی

حکایتِ مجنون عامری

اسکی مثل میں کرتا ہوں یارو جواب بیان
پنہاں نہیں غرض ہے یہ مشہور در جہان
نام عشق ہے اسے جانتے ہیں عاشقاں
عشاق کے یہ دل پہ نہیں مطلقاً نشان
لیلیٰ نے ایک روز کھلائی تھی فصد واں
وادی میں ہو گیا رگِ مجنوں سے خون رواں
حیرت میں ہوئی ہر ایک کو حیرت ہوا عیاں
حیرت نہیں یہ چاہ کی ہیں پختہ کاریاں

آغاز دیوان نظیر مرحوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سحر اس جھمک سے آیا نظر اک نگار رعنا
خد و خال خوبی آگین لب لعل پان سے رنگین
کھلی رخ پہ زلف پرخم مسی شک رنگ نیلم
کہا ہم نے اے ستمگر پری چہرہ مہر پیکر
ہے جو قصد سیر بستان چلین ہم بھی ساتھ ایجان
نہ کچھ آشنائی اگلی نہ شناخت اک ذرہ تھی

کہ خود اوسکے حسن رخ کو لگا کہنے ذرہ اسکا
نظر آفت دل و دین غمزہ صد مفرحت افزا
غرض اس طرح کا عالم کہ پری کہے اہا ہا
جو چلی ہے یون جھمک کر کہو عزم ہے کدھر کا
کہا سنکے یہ اے میان کوئی تم بھی ہو تماشا
ہے دل وہی کی مرضی تو سوچ پھر یہ کیسا

کہا جب نظیر ہنسکے یہی دل مین ہم تو کہتے
تو کہا جو نیکی ہووے تو پھر اسکا پوچھنا کیا

تو نہ ہنس ہنسکے تم اغیار کے گل دستون سے
غنچہ قین بزم مین دیکھ اوسکے سر انگشتون سے
روبرو ہووے جو چشمان بتان آسے دل
دست و پا دے جھوٹے تو او چھل پیلے دیرپے

اتنی ضد بھی نہ کھوا پنے جگر خستون سے
رشتۂ ربط نے لی راہ کف دستون سے
ڈرتے رہنا ہی مناسب ہے سیہ مستون سے
ورنہ کیا فائدہ ای آہ جے دل خستون سے

پیش جاتی نہین ہرگز کوئی تدبیر نظیرؔ
کام جب آنکے پڑتا ہے زبردستون سے

ولہ

کہتے ہین اہل قمار آپسمین گرم اختلاط — ہمتو ڈہمین سو روپے رکھتے ہین ہم رکھتے ہو گے
جیت کا پڑتا ہے جبکا داون وہ کہتا ہی یون — سوے دست راست ہی میرے کوئی فرخندپے

ہی دسہرہ مین بھی یون گر فرحت و زینت نظیر
پر دیوالی بھی عجب پاکیزہ تر تیوہار ہے

ولہ

فرشتے دو نہ نہین مہر ماہتاب مین ہے — جلو مین چاہنے والے قمر رکاب مین ہے
لیا ہے ہمسے دل و دین بھی ہو طلب کرتے — وال اس تقاضے سے اپنا تو پیچ و تاب مین ہے

کہا کہ وقت حسن پر پریخون کی نظیر
تمہین خبر نہین یہ بھی اسی حساب مین ہے

ولہ

شور افگن جنون ہے جس جا نگاہ کرنا — رکھتا ہے کام ہمدم وان ضبط آہ کرنا
جانا بھی اوسکے اوسکی اکثر بیٹھے نظارہ — باعث بھی بہر اخفا پھر رو براہ کرنا
ملنا بھی اوس روش سے جسمین گمان الفت — گر کچھ بھی ہو تو دوہین دور اشتباہ کرنا
پوچھا اگر اوس صنم نے ہم حسن مین ہین کیسے — تو بشیوری اپنی ہنسکر گواہ کرنا

کیا کیا نظیر تجھ مین مکر و فریب ہین جو
اوس رمز آشنا سے اس ڈھبکی چاہ کرنا

نکلے ہو کس بہار سے تم زرد پوش ہو — جسکی نوید پہونچی ہے رنگ بسنت کو
دی بر مین اب لباس بسنتی کو جیسے جا — ایسے ہی تم ہمارے بھی سینے سے آلگو

منہ زرد بدن خشک جگر چاک الم ناک
رکھتی ہے کہین زلف پریشان تماشا
چوٹی کی گندھاوٹ کہین دکھلاتی ہین لہرین
کیا کیا نظر آتا ہے ہر اک آن تماشا
ہر حسن کی جالی ہے مرقع یہ نظر آوے
انسان عجوبہ ہین تو حیوان تماشا
جنات پری دیو ملک حور بھی نادر
اور روے زمین پر گل و ریحان تماشا
افلاک پہ تارون کی جھلکتی ہے طلسمات
ہر شکل عجائب ہے ہر اک شان تماشا
ہے عرش سے تا فرش نئے رنگ نئے ڈھنگ

غل شور تپش نالہ و افغان تماشا
گر عشق کے کوچے مین گذر کیجے تو وان بھی
ہر وقت نئی سیر ہے ہر آن تماشا

وله

جوشِ نشاط و عیش ہے ہر جا بسنت کا	ہے طرفہ روزگار طرب زا بسنت کا
باغون مین لطفِ نشو و نما کی ہین کثرتین	بزمون مین نغمہ خوشدلی افزا بسنت کا
پھرتے ہین کر لباس بسنتی وہ دلبران	ہے جنسے زر نگار سراپا بسنت کا
جادر پہ یار کے یہ کہا ہمنے صبحدم	اے جان ہے ابتو ہر کہین چرچا بسنت کا
تشریف تم نہ لائے جو کر کے بسنتی پوش	کہیے گناہ ہمنے کیا کیا بسنت کا
سنتے ہی اس بہار سے نکلا کہ جسکے تئین	دل دیکھتے ہی ہو گیا شیدا بسنت کا

اپنا وہ خوش لباس بسنتی دکھا نظیر
چمکا یا حسن یار نے کیا کیا بسنت کا

کر گئی ہے اوسکی مژگان کی جھپک بیکل ہمین	کل اگر چاہے تو ہمدم اس گھڑی کچھ چین ہین
کچھ تو جاتا دل سے خارِ بیقراری کا خلش	کاش وہ نوکِ مژہ دیتی قرار اک پل ہمین
وہ کفِ پا ہمنے سہلائی ہے نازک نرم نرم	کیا جتاتی ہے تو اپنی نرمی اے مخمل ہمین
اوس پری رو کی گلی مین یا نہان یا آشکار	جس طرح سے ہو سکے لے ہمنشین لیچل ہمین
ہم تو ہون کیفی ترے پر کیا کرین اے چشم یار	ہوش مین آنے نہین دیتا ترا کاجل ہمین
دل خمِ ابرو کو دیتے ہین تو کس کس پیچ سے	دام مین لیتا ہے اوس کا کل کا اک اک بل ہمین

ہمتو اوسکے چاہنے والے ہین مدت سے نظیر
اور نیا گنتا ہے ابتک وہ صنم چنچل ہمین

ہو کیون نہ تیرے کام مین حیران تماشا	یا رب تری قدرت مین ہے ہر آن تماشا

جو اپنے تن کو ندے نسترن سے اب تشبیہ — بھلا تو دیکھ یہ نرمی ہے تیرے تن کی سی

ترا جو پاون کا تلوا ہے نرم مخمل سا — صفائی اسمین ہے کیسے تو نسترن کی سی

نظیر ایک غزل اس زمین مین اور بھی لکھ — کہ ابتو کم ہے روانی ترے سخن کی سی

نہین ہوا مین یہ بو نافۂ ختن کی سی — لپٹ ہے یہ تو کسی زلف پرشکن کی سی

مین ہنسکے اسلیے منہ چومتا ہون غنچہ کا — کہ کچھ نشانی ہے اسمین ترے دہن کی سی

خدا کیواسطے گل کو نہ میرے ہاتھ سے لو — مجھے بو آتی ہے اسمین کسی بدن کی سی

ہزار تن کے چلین بانکے خوبرو لیکن — کسی مین آن نہین تیرے بانکپن کی سی

مجھے تو اوسپہ نہایت ہی رشک آتا ہے — کہ جسکے ہاتھ نے پوشاک تیرے تن کی سی

کہا جو تمنے کہ منکا ڈھلا تو آون گا — ہے بات کچھ نہ کچھ اسمین بھی مکروفن کی سی

وگرنہ سچ ہے تو اے جان اتنی مدت مین — یہی بس ایک کہی تمنے میرے من کی سی

وہ دیکھ شیخ کو لاحول پڑھکے کہتا ہے — یہ آنے دیجیے ڈاڑھی لگا کے سن کی سی

کہان تو اور کہان اوس پری کا وصل نظیر — میان تو چھوڑ یہ باتین دیوانہ پن کی سی

ولہ

وہ رشکِ چمن کل جو زیبِ چمن تھا — چمن جنبشِ شاخ سے سینہ زن تھا

گیا مین جو اوس بن چمن مین تو ہر گل — مجھے اوس گھڑی اشکبر پیرہن تھا

یہ غنچہ جو بے درد گلچین نے توڑا — خدا جانے کسکا یہ نقشہ دہن تھا

اب ترے رونے کا عالم حد سے گذرا ہے نظیر
اشک نے تیرے تو سب جل تھل نکلکر بھر دیے

کہتے ہیں یان کہ مجھسا کوئی مہ جبین نہین
تجھسا تو کوئی حسن مین یان نازنین نہین
ساقی کو جام دیتے ہین اوس خوش نگہ کو آہ
جب اوس نہین کے کہنے سے مانے ہے وہ بُرا
اتنا تو چھیڑتا ہون کہ کہتا ہے جب وہ شوخ
ساقی تجھے قسم ہے دیے جا مجھے تو جام

پیالے جو ہے پوچھو تو یان کیا کہین نہین
یوان نازنین بہت ہین پہ نازآفرین نہین
ہر دم اشارتین ہین کہ اسکے تئین نہین
آپہی پھر اوسکو کہتا ہون ہنسکر نہین نہین
بندہ تو میرا مول خریدا نہین نہین
یان دم بدم ہے ہوتی نہین جب نہین نہین

پوچھے ہے اوس سے جب کوئی قتل نظیر کو تو
کہتا ہے ہمنے مارا ہے یان ہان نہین نہین

رخ پری چشم پری زلف پری آن پری
جھمکی جھمکی وہ ثریا کی کرن پھول وہ پھول
رشک خورشید جبین ابر سیہ سے سپتے
حسن گلزار قمر شکل صراحی گردن
ناز و غمزہ کی بلا تیر نگہ دست سنان
مسکرانے کی ادا جیسے چمک بجلی کی
آنکھ مستی کی بھری شوخ نگاہین چنچل
بینی اور نتھ کا وہ عالم کہ چھدے دل جس سے

کیون نہ اب نام خدا ہو ترے قربان پری
بندے بالے پری موتی پری اور کان پری
لہر چوٹی کی غضب زلف پریشان پری
مہ جبین سیب ذقن چاہ زنخدان پری
تیغ ابرو کی ستم نرگس مژگان پری
آن ہنسنے کی قیامت لب و دندان پری
قہر کاجل کی کھچاوٹ مسی و پان پری
جوبن کی جھلک گوہر غلطان پری

روزگارے من ودل ساکن کوے بودیم عقل ودین باختہ دیوانہٴ روے بودیم	تابع خوے بت عربدہ جوے بودیم بستہٴ سلسلہٴ سلسلہ موے بودیم

کس دران سلسلہ غیر در من دلبند بود
یک گرفتار ازین جملہ کہ ہستند بود

این ہمہ مشتری وگرمی بازار نداشت نرگس غمزہ زنش این ہمہ بیمار نداشت	یوسفی بود ولے ہیچ خریدار نداشت سنبل پرشکنش ہیچ گرفتار نداشت

اول آنکس کہ خریدار شدش من بودم
باعث گرمی بازار شدش من بودم

عشق من شد سبب خوبی ورعنائی او بسکہ کردم ہمہ جا شرح دل افزائی او	داد رسوائی من شہرہٴ زیبائی او شہر پرگشت زغوغاے تماشائی او

این زمان عاشق سرگشتہ فراوان دارد
کے سروبرگ من بے سروسامان دارد

چارہٴ نیست برآرم بہ ازین راے دگر چشم خود فرش کنم زیر کف پاے دگر	کہ دہم جاے دگر دل بدل آرای دگر بر کف پاے دگر بوسہ زنم جاے دگر

بعد ازان رای من اینست وہمین خواہد بود
من برین ہستم والبتہ چنین خواہد بود

پیش تو یار نو ویار کہن ہر دو یکیست قول زاغ وغزل مرغ چمن ہر دو یکیست	حرمت مدعی وحرمت من ہر دو یکیست نالہٴ بلبل وفریاد زغن ہر دو یکیست

ازمن وبندگی من اگرش عارے ہست
بفروشد کہ بہر گوشہ خریدارے ہست

بندہٴ ہیچمدان نیست درین شہر کسے
[illegible]

رہ صد بادیہ پیمودہ دویدیم بس است
قدم از راہ طلب باز کشیدیم بس است
اول وآخر این مرحلہ دیدیم بس است

بعد ازین ماہ سر کوے دل آراے دگر
بغزاے وغزل خوانی وغوغاے دگر

تضمین غزل بابا فغانی

اے ابر خند بکام دگرانت بینم
سرخوش ومست زجام دگرانت بینم
مایہٴ عیش ہمہ دم دگرانت بینم
ساقی مجلس شام دگرانت بینم

[illegible]

داغ بر سینه ز تو کینه گذاران هستند	غرض اینست که در قصد تو یاران هستند

باش مردانه که ناگاه قفاے نخوری
واقفِ نیستی خود باش که پاے نخوری

گرچه از خاطرِ وحشی هوس روی تو رفت	از دلش آرزوِ قامتِ دلجوے تو رفت
دل آزردهٔ و آزرده دل از کوی تو رفت	بادل پرگله از ناخوشےِ خوے تو رفت
حاش لله که وفاے تو فراموش کند	سخنِ مصلحت آمیزکسان گوش کند

ولہ

اے گلِ تازه که بوے ز وفا نیست ترا	خبر از سرزنشِ خارِ جفا نیست ترا
التفاتے باسیران بلا نیست ترا	ما اسیرِ تو و اصلا غمِ ما نیست ترا
رحم بر بلبلِ بے برگ و نوا نیست ترا	بر اسیرِ غمِ خود رحم چرا نیست ترا

فارغ از عاشقِ غمناک نمی باید بود
جان من این همه بیباک نمی باید بود

همچو گل چند بروے همه خندان باشی	همرهِ غیر بہ گلگشت گلستان باشی
آن زمان باد گران دست و گریبان باشی	جمع باجمع نباشند پریشان باشی
زان میندیش که از کرده پشیمان باشی	یاد حیرانیِ ما آرے و حیران باشی

ما نباشیم که باشد که جفاے تو کشد
بجفا سازد و صد جور براے تو کشد

شب بکاشانهٔ اغیار نمی باید بود	همه جا با همه کس یار نمی باید بود

چون ندانی که غمِ عاشقِ زارت باشد
چون شود خاک بران خاک گذارت باشد
همچو زلفِ تو پریشانم و تدبیر سانیست
از غمت سر بگریبانم و تدبیر سانیست
چون دل از رفته دامانم و تدبیر سانیست
از پی راے تو پریشانم و تدبیری نیست
چه توان کرد که حیرانم و تدبیر سانیست
شرح درماندگیِ خود بکه تقریر کنم

نظر میکنی از پیش نظر خواهم رفت

گر بدین بار جو ... دگر خواهم رفت

ازغم عشق تو بیمارم و میدانی تو از برای تو چنین زارم و میدانی تو	خون دل از مژه می بارم و میدانی تو چه توان کرد در آزارم و میدانی تو

تا بکی از ستم و جور تو دل خون باشم
از مژه خون جگر ریزم و محزون باشم

یکن آن طور که شرمنده شوم از خوبیت دیده پوشم ز تماشای رخ نیکوییت دست بر دل نهم و پای کشم از کوییت	نکنم بار دگر یاد قد دلجوییت سخنی گویم و شرمنده شوم از رویت گوشه گیرم و من بعد نیایم سوییت

بشنو و پند مکن قصد دل آزردهٔ خویش
ورنه بسیار پشیمان شوی از کردهٔ خویش

چند صبح آیم و از خاک درت شام روم بسر راه تو آیم نشوی رام روم دور دور از تو من تیره سرانجام روم	از سر راه تو چون خاک بناکام روم صد دعا گویم و آزرده بدشنام روم نبود زهره که همراه تو یک گام روم

کس چرا اینهمه سنگین دل و بدخو باشد
جان من این روشی نیست که نیکو باشد

از چه با من نشوی یار چه می پرهیزی حرف زن ای بت خونخوار چه می پرهیزی نه حدیثی کنی اظهار چه می پرهیزی که ترا گفت که با من زد و فا حرف مزن	یار شو با من بیمار چه می پرهیزی کیست مانع ز من زار چه می پرهیزی بگشا لال شکربار چه می پرهیزی چنین برابر و زن و یکبار بما حرف مزن

کیا کیجیے ہوئی اب تو بیان دل کی گرفتاری

ملتا ہون جو ٹک جاکر تو مجھسے وہ لڑتا ہے
گردن کو پکڑ میری سر کو بھی رگڑتا ہے
کچھ بات جو کہتا ہون جھنجھلا کے جھگڑتا ہے
جو جو وہ دکھاتا ہے سب دیکھنا پڑتا ہے

کیا کیجیے ہوئی اب تو بیان دل کی گرفتاری

اک چاہ کے دریا مین دن رات مین بہتا ہون
ہر دم کے ستم اوسکے مین کھینچتا رہتا ہون
غوطہ بھی جو کھاتا ہون تو کچھ نہین کہتا ہون
جو ظلم وہ کرتا ہے ناچار مین سہتا ہون

کیا کیجیے ہوئی اب تو بیان دل کی گرفتاری

صورت جو کبھی اوسکی ٹک دیکھنے جاتا ہون
جھڑکے ہے خفا ہوکر جب حال دکھاتا ہون
وہ گالیان دیتا ہے مین سر کو جھکاتا ہون
تیوری وہ چڑھاتا ہی مین خوف مین آتا ہون

کیا کیجیے ہوئی اب تو بیان دل کی گرفتاری

دل دیکے مجھے یارو دکھ درد ہوا لاہا
روتا ہون تو کہتا ہی کیون تو نے مجھے چاہا
پلکون نے ستمگر کی اب دل کو مرے لا ہا
جتنا وہ ستاتا ہے کہتا ہون اہاہاہا

کیا کیجیے ہوئی اب تو بیان دل کی گرفتاری

کیجیے گا رونا تو ہتھیلی کو بھر دونگا مین
راتون کو نگہبانی کرتے نڈر رونگا مین
جو چیز منگاوگے لا آگے دھر دونگا مین
چپّی کو جو کہیے گا چپّی بھی کرونگا مین

کیا کیجیے ہوئی اب تو بیان دل کی گرفتاری

بیٹھوگے تو ہر ساعت رومال جھلونگا مین
خدمت کی جو باتین ہین اونسے نہ ٹلونگا مین
گرمی مین جو کہیے گا تو بیٹھے ملونگا مین
جاؤگے کہین جسدم تو ساتھ چلونگا مین

ولہ

مکھلا کے جھلک جسکو اک چاہ لگا دیجیے

پھر ایک نظر اپنے مکھڑے کو دکھا دیجے

پھر ایک نظر اپنے مکھڑے کو دکھا دیجے

پھر ایک نظر اپنے مکھڑے کو دکھا دیجے

ولہ

کیا کام اونہین جو ہنس بولے یا شوخی مین اچپل نکلے
ہر مقصد جنکے دیکھی سے وہ گھر سے جب اک پل نکلے
ٹک دیکھ لیا دل شاد کیا خوشوقت ہوے اور چل نکلے

نہ پوچھا انسے کون ہو تم نہ اپنے جی کی بات کہی
نہ ذکر نا کچھ انکا ترانہ کہنا ٹھہرا یون ہی سہی
جب چھوڑی خواہش بوسہ کی پھر کاہیکو دشنام سہی
جب سنکر ہوگئی چنچل سے سب جھوٹ ہوس تا بات سہی
ٹک دیکھ لیا دل شاد کیا خوشوقت ہوے اور چل نکلے

بیچین ہوا دل سینہ مین گر دیکھنے مین کچھ دیر ہوئی
گھبرا کے نکلے ہیں سے اور شوق کی گھیر اگھیر ہوئی
بازار گلی اور کوچہ مین ہر ساعت ہیرا پھیر ہوئی
تھی چاہ نظر بھر دیکھنے کی جس جاگہ پر مٹ بھیر ہوئی
ٹک دیکھ لیا دل شاد کیا خوشوقت ہوے اور چل نکلے

نہ خواہش پاس بٹھانیکی نہ منت زلف کھلانیکی
نہ غرض مسی کے ملنے کی نہ حجت پان چبانیکی
ہے جی مین چاہ بھری ایسی جو شمع سے ہو پروانیکی
جس جاگہ پر مٹ بھیر ہوئی ہے طرز یہی ملجانیکی
ٹک دیکھ لیا دل شاد کیا خوشوقت ہوے اور چل نکلے

بیتابی دل کے بیچ رکھی اور خاطر بیچ آیات رکھی
ناکام رکھا دل بیٹھنے سے نہ اور مطلب کی گھات رکھی
اک حرف نہ لائے ہونٹھون پر دھن دیکھنے کی دن رات رکھی
جب سامنے آگئے دلبر کے منظور یہی اک بات رکھی
ٹک دیکھ لیا دل شاد کیا خوشوقت ہوے اور چل نکلے

اک آن نہین کل پڑتی ہے ہر آنکھ سے جبتک لا نہین
نہ داخل چھڑ کی کہانہین نہ شامل ناز اوٹھا نہین
نہ ایما نہ تصریح رہی کچھ دل کا حال جتانہین
بس ایک غرض ہم رکھتے ہین یہ دستک آنے جانہین
ٹک دیکھ لیا دل شاد کیا خوشوقت ہوے اور چل نکلے

ہے حسن بھی اوسکا ناز بھرا اور آن ادا بھی بانکی ہے
سر پاؤن سے لے اوس چنچل مین سو زینت اور زیبائی ہے

بہت دنون سے ہمین تو تمہارے سرکی قسم
خوشی سے بولین ہنسین ہولی کھیلکر باہم
گلال عبیر ملین منہ پہ ہوکے خوش باہم
اودھر سے رنگ لیے آؤ تم ادھر سے ہم
پھنسا دو ہمکو بھی اک دم تمہارے ہولی کا
اسی امید مین تھا انتظار ہولی کا

گلے مین ڈال کے بانہیں خوشی سے تم اے جان
پیو شراب کی بھر کے جو ہم سے آنکھ ساتھ [illegible]
کھڑے ہین آس لگا کر کہ دیکھین اک آن
تمہاری شکل کا کھلکر ہم اپنے دل مین دھیان
تو ہم بھی دیکھین بہار ستگار ہولی کا

پہ تمنے گالیان ہنس ہنس کے کوئی سہتا ہے
گلال پر تمہارے کپڑون سے رنگ بہتا ہے
لگا کے تاک کوئی منہ کو دیکھ رہتا ہے
نظیر یار سے اپنے کھڑا یہ کہتا ہے
مزا دکھا دے ہمین کچھ بھی یار ہولی کا

وله

ہوا جو آکے نشان آشکار ہولی کا	بجا رباب سے ملکر ستار ہولی کا
سرود رقص ہوا بیشمار ہولی کا	ہنسی خوشی مین بڑھا کاروبار ہولی کا

زبان پہ نام ہوا بار بار ہولی کا

خوشی کی دھوم سے ہر گھر مین رنگ بنوائے	گلال عبیر کے بھر بھر کے تھال رکھوائے
نشو نکے جوش ہوے راگ رنگ ٹھہرائے	جھمکتے روپ کے بن بنکے سوانگ دکھلائے

ہوا ہجوم عجب ہر کنار ہولی کا

گلی مین کوچے مین غل شور ہو رہے اکثر	چھڑکتے رنگ لگے یار ہر گھڑی بھر بھر
بدن مین بھیگے ہین کپڑے گلال چہرونپر	مچی یہ دھوم تو اپنے گھرونسے خوش ہوکر

تماشا دیکھنے نکلے نگار ہولی کا

بہار چھڑکوان کپڑون کی جب نظر آئی	ہر عشق باز نے دل کی مراد بھر پائی
نگہ لڑا کے پکارا ہر ایک شیدائی	میان یہ تمنے جو پوشاک اپنی دکھلائی

خوش آیا اب ہمین نقش و نگار ہولی کا

تمھارے دیکھ کے منہ پر گلال کی لالی	ہمارے دل کو ہوئی ہر طرح کی خوشحالی
نہ کھانے دی ہے گلرنگ کی بھری پیالی	جو ہنسکے دو ہمین پیارے تم اسگھڑی گالی

تو ہم بھی جانین کہ ایسا ہے پیار ہولی کا

جو کی ہے تمنے یہ ہولی کی طرفہ تیاری	تو ہنسکے دیکھو ادھر کو بھی جان یکباری
تمھاری آن بہت ہمکو لگتی ہے پیاری	لگادو ہاتھ سے اپنے جو ایک پچکاری

وله

چلا جب گھر سے اک البیلا دو لونکو حسن سے چھلنے
عرق کو رخ کی پلکونکی جھلک پہ [illegible] لگی چھلنے

قصیدہ نظیر اکبرآبادی

لگی تصویر کی صورت نقش او تعویذ پہ ملنے
سر زلفون کی شکن نے بھی پیچ و بل کھانے
لگا یادام زلفون [illegible]
شانا بان نے رنگ [illegible] دیکھ ہوئے حیران
وہ گلشن [illegible] سنبل و ریحان
وہ کاکل کی [illegible] سنبل و ریحان
سماں [illegible] منفعل [illegible]
مراد اول [illegible]
نگاہ مین [illegible]

[illegible]

ولہ

کلیات نظیر اکبرآبادی

نہ یان کچھ خوف تیور کا نہ یان خطرہ ہے جھڑکی کا
مجھے کر جل سے غافل بھولی صورت کا بنا نقشا

کیا اکبار منہ غصہ مین سرخ عیار اچپل نے

مری ہوش اوڑ گئی یارو جب اوسکی شکل یہ دیکھی
وہین گھبرا گیا اور سٹ پٹایا عقل سب بھولی
کہا دل مین کرون اب کیا سمجھ تو ہو گئی اولٹی
اب اس ظالم کے ہاتھونسی بچاون کیونکر اپنا جی

اوٹھا کر جھٹ قدم وانسے لگا گھر کیطرف چلنے

جب اوس عیار نے دیکھا کہ یہ یانسے چل نکلا
کہا ہنسکر ارے بے ترفین کہان تو جانے پاویگا
یہ سنکر اور بھی گھبرا گیا مین خوف سے اوسن جا
چلا ڈرتا جو آگے کو تو وہ پھر ہنسکے یون بولا

اوڑا کر مفت نظارے مجا اب تم لگے ٹلنے

کہا جب اوسنے یہ پھر تو حواس اپنے مجھے بھولے
ٹھٹھکر رہگیا اوس جا نہ ہرگز چل سکا آگے
دکھائی عاجزی منت بھی کی ور ہاتھ بھی جوڑے
ادب سے یون کہا تب تو ہوئی تقصیر یہ مجھسے

لگے قطرے پسینے کے مری منہ سے وہین ڈھلنے

نہ آیا رحم کچھ اوسکو بہت سے مینے سماجت کی
نگہ نے سامنے آتے ہی سینے مین سنان جڑدی
کمند زلف پرخم نے بھی گردن دل کی پھر جکڑی
لگے غمزے لگانے تیر ادھر دکھلا کے سو پھرتی

اودھر سے تیغ ابرو کی بھی پھر کیا کیا لگی چلنے

اودھر آن و ادا لپٹی کرشمون نے اودھر گھیرا
ادھر پلکو نگی نوکون نے چبھویا دل مین نشتر سا
ادھر اندازنے دھجکی کیا دیوانہ و شیدا
اودھر آنکھون کے جادو نے بنایا باؤلا کیا کیا

ادھر کی پھر تیان کیا کیا نگاہونکی بھی چھل بل نے

کرے کیا وان کوئی جسجا یہ صورت آنکر ٹھہرے
بچاوے دل کو پھر کیونکر کرے کیا اور کسے رو کے

چوری کی کبھی رکھتی ہے کیا بات اندھیری
کام آتی ہے عاشق کے بہت رات اندھیری

معمول ہے جب چاند کا چھپتا ہے اوجالا
ہوتا ہے عجب کھیل پر از دوست دوبالا
محبوب پری شکل صراحی و پیالا
نہ روکنے والا نہ کوئی ٹوکنے والا
اس طور کی کرتی ہے مدارات اندھیری
کام آتی ہے عاشق کے بہت رات اندھیری

جس کوچے مین چاہا وہین اسکے لئے پھیری
بیٹھے کہین اٹھے کہین جلدی کہین دیری

اندھیری رات کا بیان

لاتی ہے جب اپنا یہ شروعات اندھیری
دیتی ہے غریبون کو مکافات اندھیری
کرتی ہے اوجالے کے تئین بات اندھیری
دکھلاتی ہے خوبان کی ملاقات اندھیری

ہر عیش کی کرتی ہے عنایات اندھیری
کام آتی ہے عاشق کے بہت رات اندھیری

جسوقت ہوئی رات اندھیر لیسے دھوان دھار
گر اسمین کہین شور ویا غل ہوا اکبار
جو شوق ملا شوق سے جا بھڑ گئے للکار
ادھر سے ادھر ہو گئے دو چار قدم یار

برلاتی ہے اس ڈھبکی مہمات اندھیری
کام آتی ہے عاشق کے بہت رات اندھیری

جب یار چلا اوڑھکے کالا سا دوشالا ٭
جا ملگئے اور دل کا بھی ارمان نکالا
کمل کو ادھر ہینے بھی کاندھے پہ سنبھالا ٭
منہ اوسکے رقیبون کا کیا خوب سا کالا

کیا وصل کی رکھتی ہے کرامات اندھیری
کام آتی ہے عاشق کے بہت رات اندھیری

بوسہ لیا منہ موڑ الگ ہو رہے چپکے ٭
سینے کا وہ پھل توڑ الگ ہو رہے چپکے
چھاتی سے لگا چھوڑ الگ ہو رہے چپکے
اغیار کا سر پھوڑ الگ ہو رہے چپکے

اس ڈھبکی تو رکھتی ہے عجب گھات اندھیری
کام آتی ہے عاشق کے بہت رات اندھیری

[illegible] اب بھی ہمارے آگے یار و جوان کیا ہے [illegible]

بوڑھا ادھیڑ ہم کا ڈھم کا فلان کیا ہے	ہمسے جو ہو مقابل بیٹھے ہین جان کیا ہے
	اب بھی ہمارے آگے یار و جوان کیا ہے
ہر وقت دل ہمارا اک در ہی بہانتا ہے	تیر ابتلک ہمارا تو وے ہی چھانتا ہے
ہر شوخ گلبدن سے گہری ہی چھانتا ہے	اسباب کو ہمارے اللہ ہی جانتا ہے
	اب بھی ہمارے آگے یار و جوان کیا ہے
جیا ہین تو گھوڑا لین سو خوبرو کو دم مین	اور بیٹھے چھان مارین وہ زور ہے قدم مین
سینہ بھڑک رہا ہے خوبان کے درد و غم مین	بیٹھو نہین تم کہان ہین جو گرمیان ہین ہم مین
	اب بھی ہمارے آگے یار و جوان کیا ہے
دُبلے ہوے ہین ہمتو خوبان کے درد و غم سے	اور جھریان پڑی ہین اونکے غم و الم سے
مونچھین سفید کی ہین اس ہجر کے ستم سے	بوڑھا ہمین بنا تو اللہ کے کرم سے
	اب بھی ہمارے آگے یار و جوان کیا ہے
کوئی بھی بال تن پر میرے نہین ہے کالا	خوبان کے درد و غم کا اسپر پڑا ہے پالا
اگر جوان مقابل ہووے کوئی ہمارا	خالق ہے ہی یقین دکھلاے وہ بھی پچھاڑا
	اب بھی ہمارے آگے یار و جوان کیا ہے
اے یار سو برس کی ہوئی اپنی عمر اگر	دکھلاے جسگھڑی ہین میدان زور اگر
اور جھریان پڑی ہین سارے بدن کے اوپر	رستم کو بھی سمجھتے اپنے نہین برابر
	اب بھی ہمارے آگے یار و جوان کیا ہے
ہم اور جوان ملکر گردن کے تئین لگادین	اور اپنے اپنے گل سے ملنے کی دل مین لاوین

اب بھی ہمارے آگے یار و جوان کیا ہے

دنیا مین [illegible] طاقت اپنی مشہور [illegible]

[illegible]

اب بھی ہمارے آگے یار و جوان کیا ہے

[illegible] جوان [illegible]

[illegible]

پچھتا ہین [illegible] چلتے ہین یار [illegible]

کیا کیا نظر ہم بھی کرتے ہین اب جھکے

اب بھی ہمارے آگے یار و جوان کیا ہے

و له

کیا تاب [illegible] رخ نظر مین چھپائے ہین

[illegible] دو [illegible] ملائے ہین

ہم وہ میان [illegible]

[illegible]

	الکدم کو آ گئے ہیں منہ مت چھپالے ہمسے ٹک ہنسکے او پریرو آنکھیں لڑالے ہمسے	
زنار باندھی قشقہ کھینچا ہے ہو بجاری آزاد بن کے اسدم ہیں دید کے بھکاری		آگے بھی بھیس ہمنے بدلے ہیں کتنے باری جوگی بھی بن چکے ہیں منڈیل بھی سنواری
	الکدم کو آ گئے ہیں منہ مت چھپالے ہمسے ٹک ہنسکے او پریرو آنکھیں لڑالے ہمسے	
شمشیر اور سپر کو اک عمر کھڑکھڑایا جھمکا تمہارا اسدم ہمکو جو یاد آیا		بانکے بھی ہو کے ہمنے اس دید کو اوڑایا بانک و پٹا و بلم گدکا و لٹھ پھرایا
	الکدم کو آ گئے ہیں منہ مت چھپالے ہمسے ٹک ہنسکے او پریرو آنکھیں لڑالے ہمسے	
اوس حال میں بھی کتنے خوبان کو دیکھ ڈالا اب دیکھنے کو تیرے یہ سوانگ کر کے لالا		پھر کتنے روز ہمنے بجپا بٹے کا پالا پنجرا گلہری طوطا شکرا شکار والا
	الکدم کو آ گئے ہیں منہ مت چھپالے ہمسے ٹک ہنسکے او پریرو آنکھیں لڑالے ہمسے	
کتنے پری رخوں کو جا پیر نے ہیں مارا اب دیکھنے کو تیرے ہو کر فقیر یارا		شیشہ میں مدتوں تک ہمنے پلنگ اوتارا تصویریں بیچنا بھی کتنے دنوں بچارا
	الکدم کو آ گئے ہیں منہ مت چھپالے ہمسے ٹک ہنسکے او پریرو آنکھیں لڑالے ہمسے	

الکدم کو آ گئے ہیں منہ مت چھپالے ہمسے
ٹک ہنسکے او پریرو آنکھیں لڑالے ہمسے

پھر لعل بھی اڑائے اور رنگ میں بھی پالیں
جنگل میں کل لگائیں اور بیڑیاں سنبھالیں
ڈبیوں میں ڈال کبھی کل بکریاں بنالیں
کیا کیا نہ ہمنے پالے پھر بھی لڑکیاں بچالیں

الکدم کو آ گئے ہیں منہ مت چھپالے ہمسے
ٹک ہنسکے او پریرو آنکھیں لڑالے ہمسے

اس شہر میں ہزاروں گو خوبرو بتاں ہیں
لیکن بتاؤ کس کی ایسی پیاری انکھڑیاں ہیں

الکدم کو آ گئے ہیں منہ مت چھپالے ہمسے
ٹک ہنسکے او پریرو آنکھیں لڑالے ہمسے

الکدم کو آ گئے ہیں منہ مت چھپالے ہمسے
ٹک ہنسکے او پریرو آنکھیں لڑالے ہمسے

ولہ

رہتا نہیں کسیکا سدا مال و حسن درست	دولت رہی کسیکی نہ باغ و چمن درست

جتنے سخن ہین سب ہین یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

دنیا مین اب وہ ہونگے تئین کہیے بادشاہ	جنکے بدن درست ہین و ذرات سالی واہ
جس پاس تندرستی و حرمت کی ہو سپاہ	ایسی پھر اور کونسی دولت ہے واہ واہ

جتنے سخن ہین سب ہین یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

جو گھر مین اپنے میری و حشمت پناہی ہے	ہن تندرستی سب وہ خرابی تباہی ہے
یہ تندرستی یارو بڑی بادشاہی ہے	سچ پوچھیے تو یہین یہ فضل الٰہی ہے

جتنے سخن ہین سب ہین یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

گر دولتون سے اوسکا بھرا ہی تمام گھر	بیمار ہے تو خاک سے بد تر ہے سب یہ زر
ہو تندرست گرچہ یہ مفلس ہے ابتر	پھر نہ کسیکا خوف نہ ہرگز کسیکا ڈر

جتنے سخن ہین سب ہین یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

عاجز ہو یا فقیر ہو پر تندرست ہو	بیزر ہو یا امیر ہو پر تندرست ہو
قیدی ہو یا اسیر ہو پر تندرست ہو	مفلس ہو یا فقیر ہو پر تندرست ہو
جتنے سخن ہین سب ہین یہی ہے سخن درست	اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

بہتر ہین مفلسی کے میان جو بے نقاہت
جو تندرست ہین وہی دولہا ہین اور بنے
جتنے سخن ہین سب ہین یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

جب تندرستیون کی رہین دل مین بستیان
پھر سو طرح کے عیش ہین اور حق پرستیان
کھانیکو نعمتین ہون و یا فاقہ مستیان
سب عیش اور مزے ہین جو ہون تندرستیان
جتنے سخن ہین سب ہین یہی ہے سخن درست
اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

جتنے سخن ہین سبمین یہی ہے سخن درست اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست	
قدرت سے یہ جو تن کی بنی ہے ہر ایک کل گر ہو خدا نخواستہ اک کل بھی چل بچل	جبتک یہ کل بنی ہے جبھی تک پڑی ہے کل پھر نہ خوشی نہ عیش نہ کچھ زندگی کا پھل
جتنے سخن ہین سبمین یہی ہے سخن درست اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست	
ادنے ہو یا غریب تونگر ہو یا فقیر ہے سبکو تندرستی و حرمت ہی دلپذیر	یا بادشاہ شہر کا یا ملک کا وزیر جو تو نے اب کہا سو یہی سچ ہے اے نظیر
جتنے سخن ہین سبمین یہی ہے سخن درست اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست	

ولہ

دکھ کی دولت ہو تو اوسکو بھی تباہی بوجھیے روشنی کو غم کے ہر جاگہ سیاہی بوجھیے	سکھ سے رہنا خلق مین خوش دستگاری بوجھیے صحت و حرمت کو نت حشمت پناہی بوجھیے
تندرستی کو نپٹ فضل الٰہی بوجھیے آبرو سے جگ مین رہنا بادشاہی بوجھیے	
صحت و حرمت سے گر اللہ یان کردے نباہ اب جو ہم اسباب کے رتبے کو کرتے ہین نگاہ تندرستی کو نپٹ فضل الٰہی بوجھیے	اس برابر کونسا ہے پھر جہان مین عز و جاہ کیا کسی عاقل نے یہ نکتہ کہا ہے واہ واہ آبرو سے جگ مین رہنا بادشاہی بوجھیے

تندرستی کو نپٹ فضل الٰہی بوجھیے
آبرو سے جگ مین رہنا بادشاہی بوجھیے

عالم و فاضل گدا و بادشہ میر و وزیر

چاندنی رات کا بیان

صحن چمن مین واہ واہ زور کھلی تھی چاندنی
آیا تھا یار گلبدن بہن کے بادلا زری
بوس کنار و جام و مے عیش و طرب ہنسی خوشی

چاند بلور مین لیتا تھا اور کھلی تھی چاندنی
چمکے تھی تارہ تار مین مہ کی جھلک فری فری
اسمین کہین سے یک بیک مرغ سحر نے بانگ دی

صبح ہوئی گجر بجا پھول کھلے ہوا چلی
یار بغل سے اوٹھ گیا جی ہی کی جی مین رہ گئی

کیا ہی مزے سے عیش کی رات تھین کامیابیان
لگنے جہی تھین صف بصف حور کی کئی گلابیان
سینون مین اضطرابیان آنکھون مین بیحجابیان

چھوٹی تھین ماہتاب کی نہر و نکی ماہتابیان
ہمکو نشون کی مستیان یار کو نیم خوابیان
اسمین فلک نے رشک سے ڈالی یہ کچھ خرابیان

صبح ہوئی گجر بجا پھول کھلے ہوا چلی
یار بغل سے اوٹھ گیا جی ہی کی جی مین رہ گئی

تبکو دلون مین واہ واہ زور مزونکی تار تھے
دونون لوٹین بہار تھا دونون گلے کی ہار تھے
سینے مین آسمان کے تیر حسد کے پار تھے

ہمسے وہ جاو بلیا یار سے ہم دوچار تھے
وصل سے بیقرار تھے عیش کے کاروبار تھے
ایک پلک مین ناگہان سب وہ مزے شرار تھے

صبح ہوئی گجر بجا پھول کھلے ہوا چلی
یار بغل سے اوٹھ گیا جی ہی کی جی مین رہ گئی

چاندنی واہ چاندنی کرتی تھی کیا جھلک جھلک
چہکتے ہی تھین بلبلین باغ رہا تھا مہک

موسم برسات کا بیان

روز مرہ مونسے رات کو ہے عجا مینہ جھک جھک
بوندین ہیں بیٹھیں پیک پیک پانی کی آری جھک جھک
چھاجون سے جھک جھک جھلک شیشہ سے بھی جھلک جھلک
یار بغل مین [illegible] عیش و طرب سے [illegible]
ہم بھی نشے مین جب چھک لوٹتے تھے بہک بہک
کیا ہی سمان تھا عیش کا [illegible] آہ یک بیک
ابر کھلا ہوا گھٹی بوندین تھمین سحر ہوئی
پہلو سے یار اوٹھ گیا سب وہ بہار بہ گئی

رات لگی تھی واہ واہ کیا ہی بہار کی جھڑی	موسم خوش بہار تھا ابر و ہوا کی دھوم تھی
شمع و چراغ گلبدن بارہ دری تھی باغ کی	یار بغل مین غنچہ لب رات اندھیری جھک رہی
مینہ کے مزے رہا کئے غل سے کئے نشے گھڑی گھڑی	آسمین کہین سے ہائے ستم ایسی اک آ یون چلی

ابر کھلا ہوا گھٹی بوندین تھمین سحر ہوئی
پہلو سے یار اوٹھ گیا سب وہ بہار بہ گئی

شب کو ہوئین اہا ہا ناز و رمزونکی مستیان	بجلی کی شکلین ہنستیان بوندین پڑین برستیان
سبز و لونکی بستیان جنس خوشی کی سستیان	دونون مین عیش مستیان دونون مین مے پرستیان
دھوم جھونین بستیان چہلین نرالی کستیان	آسمین فلک نے ایک بیک لوٹی دلونکی بستیان

ابر کھلا ہوا گھٹی بوندین تھمین سحر ہوئی
پہلو سے یار اوٹھ گیا سب وہ بہار بہ گئی

برسی تھین کیا ہی جھوم جھوم رات گھٹا مین کالیان	کوئلین بولین کالیان بہتے چلے نالے نالیان
بجلیونکی وہ جالیان بارہ دری کی جالیان	عیش کی جھومین ڈالیان ہلین ہلکونکی ڈالیان
چلتی تھین مے کی پیالیان منہ پہ نشونکی لالیان	آسمین فلک نے دوڑ کر سب وہ ہوا مین کھالیان

ابر کھلا ہوا گھٹی بوندین تھمین سحر ہوئی
پہلو سے یار اوٹھ گیا سب وہ بہار بہ گئی

ابر و ہوا کی واہ واہ شبکو عجیب ہی زور تھے	بھیگ رہا تھا سب چمن مینہ کے جھڑ اکی زور تھی
غوک پپیہے مور تھے جھینگر دنکے بھی شور تھے	بادہ کشی کی دور تھے عیش و طرب کے جھور تھے
باغ سے تا بباغبان جتنے تھے شور بور تھے	آ پڑی سر آسمین ناگہان یہ جو خوشی کے جور تھے

کیا ہی مزا تھا واہ واہ ابر و ہوا کا یار و کل
مینہ سے بھیگتا تھا سنبھل سنبھل [illegible] رہی تھی شمع جل

مخمس [illegible]

عیش و نشاط [illegible] بارہ دری کا تھا محل
[illegible]
ابر کھلا ہوا گھٹی بوندین تھمین سحر ہوئی
پہلو سے یار اوٹھ گیا سب وہ بہار بہ گئی

بیان عالم بہار

[illegible]

دیکھو مین [illegible]
[illegible] چار طرف ابر کی واہ واہ اوٹھی [illegible]
ابر کھلا ہوا گھٹی بوندین تھمین سحر ہوئی
پہلو سے یار اوٹھ گیا سب وہ بہار بہ گئی

نرگس و یار و یاسمن سوسن و طرئ نسترن	کبک و تدرو خندہ زن بلبل و قمری نعرہ زن
یار بغل میں گلبدن سرخ گلے میں پیرہن	سینہ بسینہ تن بہ تن عیش و طرب کسب بدن
اسمین رقیب دلشکن آیا گجر کا کر کے فن	تھالی کہیں سے لا نستا پ سی ہا ہے بجا ٹھنن ٹھنن

صبح کے ڈر سے ہڑبڑا یار نے گھر کی راہ لی
ہم بھی دغا میں آ گئے مفت بہار لٹ گئی

باغ میں شبکو واہ واہ کیا ہی منو نگی گھور تھی	طوطے و بگلے مو رہے تھے فاختو نکی بھی شور تھے
شوخ پر اپنے زور تھے اوسکے برن بھی نور تھے	نور کرے دبو رہے تھے چھلے بھی پور پور تھے
یار ہمارا چاند تھا چاند کے ہم چکور تھے	دونوں چکئی چکو رہے دونوں جنگل و دور تھے
مے کے نشو نکے شور تھے کیٹری بھی شور بور تھے	بولا رقیب ن ڈھ ڈھا و ڈیو یار و چور تھے

صبح کے ڈر سے ہڑبڑا یار نے گھر کی راہ لی
ہم بھی دغا میں آ گئے مفت بہار لٹ گئی

کیا ہی مزے تھے رات کو یار و میں بتسی کیا کہوں	صحن چمن ارم نموں ڈالیاں جھومیں سرنگوں
شوخ بغل میں پری و فنون عیش و طرب فزوں فزوں	مے کے بھی آگے جوش خوں جہرہ نشو میں لالہ گوں
یار کے ناز اور فسوں اپنی بھی عشق اور جنوں	جام پکارے منہ لگوں عیش پکارے دم نہ لوں
اسمیں رقیب بد شگوں کچھ نہ بنا تو وہ زبوں	پچھلے ہی پہر سے بنگے مرغ بولا ہی آگیا ککڑوں کوں

صبح کے ڈر سے ہڑبڑا یار نے گھر کی راہ لی
ہم بھی دغا میں آ گئے مفت بہار لٹ گئی

لوٹے ہیں کیا ہی ہم واہ رات مزے بہار کے	انکھڑیوں سرمہ دار کے لعل مسی نگار کے

معجزہ حضرت عباس بن علی کرم اللہ وجہہ

گلبدن گل پیرہن گلرنگ گلرو نامدار

دوسرا اسکے کوئی بیٹی نہ بیٹا تھا مگر
ایک بیٹا تھا وہی سرو روان رشک

تھا بیٹھایا اوسکو پوشاک اور جواہر
بسکہ اکلوتا جو تھا اسوا سطے اوسکے

باپ بھی جی سے فدا اور ماں بھی تھی نثار

اون دنوںمین تھا برس تیرہ کا اوسکا سن و سال
جب نظر آیا ہلال ماہ محرم کا

تعزیہ خانونمین جاتا چھپکے وہ رعنا غزال
مرثیوں مین سنکے شاہ کربلا کے غم کا حا

پیٹتا سینے کو اور ماتم سے روتا زار زار

تعزیہ کے سامنے ہو کے مودب سر جھکا
مورچھل وہ روضہ پاک پر جھلتا کھڑا

جب علم اوٹھتے تو پھر لڑکو نکے ساتھ آنسو بہا
یا حسین ابن علی کہکر علم لیتا اوٹھا

لوگ دیکھ اوسکی محبت ہوتے تھے حیران کار

شام سے اگر وہ قندیلین جلاتا دمبدم
قمقمے اور جھاڑ پر شمعین چڑھاتا دمبدم

عود سوزون مین اگر لاکر گراتا دمبدم
اہل مجلس کے تئین شربت پلاتا دمبدم

سب وہ کرتا تھا غرض جتنا تھا انکا کاروبار

لیکن اوسکے باپکو ہرگز خبر اتبک نتھی
جب سنا اوسنے تو بیٹے پر بہت تاکید کی

جھڑکا اور مارے طمانچے خوب سی تنبیہ کی
اور کہا اے بیحیا بدبخت موذی مدعی

ذات سے کیا تو نکالے گا مجھے اے نابکار

اوسکے دل مین تو شہید کربلا کا جوش تھا
تعزیہ پر دھیان تھا اور مرثیہ پر گوش تھا

باپ تو کرتا نصیحت اور وہ خاموش تھا
نہ ٹلا چونکا اوسنے جھڑکی کیونکا ہوش تھا

	ہوگیا بیہوش وہ مجبور زخمی دلفگار
ماہ کیا گر شمس بھی دیکھے تو اپنا سر جھکائے	تاب کسکی ہے جو اوس چہرے کے آگے تاب لائے
ایسا شہزادہ مقدس جسکے گھر تشریف لائے	ایسے طالع ایسی قسمت یہ نصیبا کون پائے
	آدمی کیا ہے فرشتوں کا نہیں عز و وقار
اس عنایت اس کرم کا کچھ بھی یارو انتہا	وہ تو وہ نور تجلی دیکھ بیخود ہو پڑا
اس بریدہ دست کو اوسکے دیا تن سے ملا	آپ گھوڑے سے اوترکے نور چشم لافتا
	اور کہا اوٹھ جلد اے آل نبی کے دوستدار
روشنی ہے جسکی روشن سب در و دیوار ہے	وہ جو آنکھیں کھولکر دیکھے عجب انوار ہے
نہ تو اوسمیں درد ہے نہ خون کا آثار ہے	ہاتھ کو دیکھا تو خاصا ہاتھ بھی تیار ہے
	رہگیا یکبارگی حیرت میں وہ مظلوم زار
ہو تصدق اور وہیں پاؤں کے اوپر گر پڑا	پھر جو اوس لڑکے کو اوسمیں ہوش سا کچھ آگیا
یہ تمہیں سے ہوسکا جو پھر دیا تن سے ملا	اور کہا رو رو کہ تو ہاتھ تن سے تھا جدا
	سچ بتاؤ کون ہو تم اے امیر نامدار
ہاتھ کاٹا قید کی اور سو تعدی و جفا	باپ نے تو میرے مجھپر یہ ستم برپا کیا
اب خدا کے واسطے جلدی سے اے بحر سخا	مجھ سے بیکس پر جو تمنے کی یہ کچھ لطف و عطا
	اپنا کچھ نام و نشاں مجھسے کہو تفصیلوار
بندۂ درگاہ رب العالمین ہیں اے عزیز	جب کہا حضرت نے ہم بھی آدمی ہیں اے عزیز
جنکا تو کرتا ہے ماتم وہ وہیں ہیں اے عزیز	خاکسار و عاجز و اندوہگیں ہیں اے عزیز

اس عنایت اس کرم کا ہے کہیں [illegible]

میں جو اپنے ہاتھ سے کرتا تھا ماتم [illegible]

اور اوسکا تھا علم میں تمہارے جابجا

ہے اگر پوچھو تو اوسکا ہاتھ سے کٹکر ملا

یہ تمہیں سے ہوسکا جو پھر دیا تن سے لگا

ورنہ کسمیں تھی بھلا یہ قدرت و اقتدار

وہ بھی راغب تھا جو اپنے درد کے اظہار کا

ایک پلمیں پھر نہ دیکھا نقش اوس آزار کا

کیا دیا تن سے ملا ہاتھ اپنے ماتمدار کا

معجزہ دیکھو یہ ابن حیدر کرار کا

کسمیں یہ قدرت ہے بجز فرزند شیر کردگار

اب جو اوسکے ہاتھ پر کرنے کی آئی تھی گرہ

[illegible]

ہاتھہ مین تسبیح لی زنار کو ڈالا اوتار

پھیر ہوئی اس معجزہ کی شہر کی خلقت مین دہوم	ہو گیا اس طفل پر سب شہر کا آکر ہجوم
دیکھتا تھا جو کوئی لیتا تھا اوسکے ہاتھ چوم	اور لگا آنکھون سے یون کہتا تھا ہر دم جہوم جہوم

یہ اونہینکی دوستی کے گل نے دکھلائی بہار

الغرض مان باپ و پسر جان و دل سے ہو فدا	لیکے لڑکے کو چلے دلشاد ہو کے کربلا
راہ مین کرتے تھے لوگ اوسکی زیارت جا بجا	جب وہ منزل پر اوترتے تھے تو اونکے لوگ آ

دمبدم کرتے تھے اپنا سیم و زر اوس پر نثار

کو بکو شہر نجف مین بھی یہ شور و غل پڑے	اک محب پاک دل آیا ہے ہندوستان سے
وانسے بھی لوگ آئے سب اوسکی زیارت کے لیے	اور لاکھون شخص آئے دور اور نزدیک کے

اسقدر یہ معجزہ سب مین ہوا وان آشکار

کربلا کے پاس پہونچا جسگھڑی وہ ماہتاب	اون شریفون کو ہوا حکم شہ عالی جناب
اک ہمارا دوست آتا ہے چلا جون موج آب	کر کے استقبال تم جا کر اوسے لاؤ شتاب

اوسکی لازم ہے تمہین دلداری کرنی بیشمار

کربلا کے لوگ نکلے اوسکے استقبال کو	لیگئے اسپ و شتر آرایش و اجلال کو
کر زیارت چوم اوسکے دست خوش افعال کو	سو تجمل سے غرض اوس صاحب اقبال کو

شہر مین لائے بصد اکرام و عجز و افتخار

کام کیا کیا کچھ ہوئے اس سے خدا کی راہ کے	پھر خدا نے بھی انہین پیوست قدرت کے دیے
اسنے کٹوایا تو ہاتھ اپنا اونکے ماتم کے لیے	کیون نہ پھر تن سے ملاتے وہ تو منصف ہین بڑے

یا علی عباس غازی صاحب تاج و سریر

ہے تمہ مشکل کشا ہو گیا غریب و کیا امیر

یہ غلام روسیاہ جسکو کہتے ہین نظیر

آپکے فضل و کرم کا بھی ہے امیدوار

منقبت در شان امیر المومنین حضرت علی

کرون کیا وصف مین اونکا الحمد ناک

کہ جنکی شان مین آیا ہے لولاک

کہان وہ اور کہان خاک را عالم پاک

حبیب خاص شفیع المذنبین ہے

رسول پاک ختم المرسلین ہے

یہ شعر و غزل اب یہ بنا تے ہیں زبانی
آگے بھی بہت چھوڑ گئے اپنی نشانی
دیوان اب یا کوئی قصہ کہ کہانی
سب باقی الفاظ اب نہیں سب چیز ہے فانی
نہ مخمس نہ غزل فرد نہ ایہام رہیگا
آخر وہی اللہ کا اک نام رہیگا

ولہ

	نہ مے نہ صراحی نہ ترا جام رہیگا آخر وہی اللہ کا اک نام رہیگا	
یہ عاشق و معشوق جو کرتے ہیں بہم چاہ وہ شخص کہاں جاتے رہے لے مرے اللہ		آگے بھی بہت عاشق و معشوق تھے واللہ اس بات سے معلوم ہوا اب تو یہی آہ
	نہ عشق نہ عاشق نہ دلارام رہیگا آخر وہی اللہ کا اک نام رہیگا	
ٹک غور کر اب ہیں کہاں مجنون و فرہاد جو پھول کھلے واہ وہ سب ہو گئے برباد		لیلےٰ کہیں شیرین کہاں وہ نازوہ بیداد ہم تم بھی غنیمت ہیں سن او یار پریزاد
	واں حسن نہ یاں عشق کا ہنگام رہیگا آخر وہی اللہ کا اک نام رہیگا	
محبوب بنا جسنے تمہیں حسن دیا ہے ملنا ہے تو مل لو یہی جینے کا مزا ہے		اُسنے ہی ہمیں عاشق جانباز کیا ہے سب نازو نیاز آہ یہ اک دم کی ہوا ہے
	پھر ہجر نہ کچھ وصل کا پیغام رہیگا آخر وہی اللہ کا اک نام رہیگا	
ملنے سے ہمارے جو تمہیں آتا ہے الزام پھر عشق کہاں یہ نہ رکھو کام سے تم کام		آئندہ یہ تم ہمسے ملیچا و سحر شام جھک مارتے ہیں وہ جو تمہیں کرتے ہیں بدنام
	طوفان نہ بہتان نہ الزام رہیگا آخر وہی اللہ کا اک نام رہیگا	

تھیاء نظیر اکبر آبادی

[illegible]

تھے آپ مثل دولھا اور فوج تھی براتی
جب چل بسے تو کوئی پھر سنگ تھا نہ ساتھی
ملک و مکان خزانہ لشکر ہوا تو پھر کیا
یا راج بنسی ہو کر دنیا میں راج پایا
دستور گڑھ ستارا کا [illegible]
جب توپ نے اجل کے [illegible]
گڑھ کوٹ توپ [illegible] ہوا تو پھر کیا

یہ پالکی یہ ہاتھی یہ [illegible] ذوالفقار خان کا
کہتا تھا کوئی گھوڑا [illegible] نادار خان کا
[illegible] تونگر [illegible] ہوا تو پھر کیا
اور یہ ہیں فتح خان اور یہ ہیں [illegible] خان
[illegible] قضا کا [illegible]
کہتا تھا کوئی دیکھو یہ ہیں امیر خان جی
دیکھا تو [illegible] ہوا تو پھر کیا
حاکم و مال و منصب [illegible]
یہ ابن [illegible] خاندان میں

آیا قدم اجل کے جب تیس بار خان کا	خر بھی کہین نہ دیکھا پھر شہسوار خان کا
چھبان میک ڈنبر دربدر ہوا تو پھر کیا	
کہتا تھا کوئی ڈیوڑھی ہے خان مہربان کی	یہ باغ یہ حویلی ہے محلدار خان کی
جب راج نے قضا کے کرنی بسولی ٹانکی	اک اینٹ بھی نیائی ہرگز کسی مکان کی
رنگین محل سنہرا گھر در ہوا تو پھر کیا	
کتنون نے بادشاہی کیا کیا خطاب پایا	عمرین بڑی بڑی کہہ امین سکہ بڑا اپنا پایا
جب آنکر فنا نے نام ونشان مٹایا	وہ نام اور وہ سکہ ڈھونڈا کہین نہ پایا
دودن کا خرچ چھاپا دربدر ہوا تو پھر کیا ؂	
جاگیر مین کسینے زر ریز ملک پایا	کر بند و بست اپنا نظم و نسق بٹھایا
لیکر سند اجل کا جب فوجدار آیا	اک دن مین حکم و حاصل سب گیا پرایا
ہانسی حصار ٹھٹا بھکر ہوا تو پھر کیا ؂	
کہتا تھا کوئی لشکر ہے طرہ باز خان کا	یہ خیمہ شامیانہ ہے شہنواز خان کا
آیا کٹک اجل کے جب یکہ باز خان کا	سر بھی کہین نہ پایا پھر سرفراز خان کا
سردار میر بخشی بڑھکر ہوا تو پھر کیا	
ہاتھی پہ چڑھکے نکلے یا خاصے گھوڑے اوپر	یا نالکی سنبھالی یا پالکی کی جھالر
یالے مراحی حقہ دوڑے جلیب اندر	جب آجل پکاری صاحب ہا نہ نوکر
آقا ہوا تو پھر کیا نوکر ہوا تو پھر کیا ؂	
یا لیکے اک قلمدان اور رکھ قلم کو سرپر	جوڑے حساب لاکھون چہرے لکھے سراسر

آیا قضا کا مردھا جسدم بچھڑی وڈھا کر
کوتوال بن کے بیٹھا یا صدر ہو معزز
کوتوالی اور صدارت سب اڑ گئی ہوا پر
دودن کا خوف و خطرہ اور ڈر ہوا تو پھر کیا
کتنے شعر کتنے ہمسو مین ذات مین کہلانکی
جسدم قضا پکاری اب او ٹھ ...
ذات و حسب نسب کا جوہر ہوا تو پھر کیا
یا لیکے زر جہان مین کرنے لگے تجارت
یا سیٹھ بنکے بیٹھے خاصی بنا عمارت

[illegible]

کھوئے مرض ہزاروں دھوئی ہر ایک آفت	جب آئی سر پر اپنے پھر کچھ چلی نہ حکمت
لقمان یا افلاطون اگر ہوا تو پھر کیا	
یا ہو نجومی کامل تاروں کو چھان ڈالا	سورج گہن بچارے چندر گہن نکالا
برج و ستارے باندھے احکام کو سنبھالا	جب وقت اپنا آیا او سوقت کو نہ ٹالا
جوتش نجوم پنڈت پڑھکر ہوا تو پھر کیا	
یا پڑھکے دو کتابین اور کرکے علم حاصل	یا بھوت جن او تارے مشہور ہو کے عامل
جب دیو کا اجل کے سایہ ہوا مقابل	ملا رہا نہ سیانہ عالم رہا نہ فاضل
تعویذ فال جادو منتر ہوا تو پھر کیا ؟	
ماتھے پہ کھینچ ٹیکا یا ہاتھ لے کے مالا	پوتھی بغل مین دابی زنار کو سنبھالا
پوجا کتھا بجھائی گیتا سبد نکالا	کچھ بن سکا نہ آیا جب جان لینے والا
بید و پران پڑھکر بیر ہوا تو پھر کیا ؟	
یا پی کے مے کسیکے کی عیش کامیابی	لوٹا نشے مین ہر جا کر دل سے بیحجابی
جس دم قضا نے اپنے چھکائی اک گلابی ؟	پھر مے رہی نہ مینا مستی نہ شرابی
اکدم لبون پہ مے کا ساغر ہوا تو پھر کیا	
حسن و جمال پاکر یا خوبرو کہایا	یا عشق مین کسیکے جی جان کو گھٹایا
آکر پڑا اس دو نپر جس دم اجل کا سایا	دونو نہین پھر کسیکو ڈھونڈھا کہین نپایا
عاشق ہوا تو پھر کیا دلبر ہوا تو پھر کیا	
یا ہو کے پیر زادے کرنے لگے فقیری	کر کے مرید کتنے کی اونکی دستگیری

جتنے نظر ہیں یہاں اکدم کے ہیں مسافر
رہنا نہیں کسیکو چلنا ہے سبکو آخر
دو چار روز کے خاطر یہاں گھر ہوا تو پھر کیا

ولہ

جو کوئی اوس بت خودکام کا ہو واقف
پھر عمر نہو پھر کبھی اسلام سے واقف
دل اپنا تو ہے چشم گل اندام سے واقف
ساقی ہے پیالا او سکو جو ہو جام سے واقف
ہم اختلاط سے کے نہیں نام سے واقف

[illegible]

سارس بھی جو اصل بھی تھا اسکے موافق
بازو لگا و جرہ و شاہین اسے عاشق
ٹوٹا جو پپیہا تو پپیہے ہوے جلنے کے لائق
[illegible] بھی سو دل [illegible] جلنے کے شائق
وہ ہنس لگا سبکی نگاہون مین پیارا
دیکھا چکوروں نے اسے حسن و تو [illegible]
گلشن مین کلنگو مین بھی [illegible] جنگ
اور کور کوئل سے بھی الفت کو بنا سنگ
بلبل نے کیا اوسکی محبت مین خوش آہنگ
اوسنے بھی کسی شاخ پہ گھر اپنا سنوارا
ہمسایہ تھے بہت جانور اوس پیڑ کے اوپر
طوطی بھی تھی [illegible] کوئی [illegible]

ولاری سندر انوٹھی ابرن ہٹیلی موہن انوکھی لالا ؕ

ترہی جدائی مین ای ستمگر یہ سختی مجھپر ہے اب گذرتی
نہ گھر مین دل کو قرار آوے نہ میرا باہر کہین لگی جی
نہین جو آیا تو اس طرف کو یہ بات کیا تیرے دلمین ٹھہری
این کی من کو جو چھینوں بھتی ای یار کاہین لگائی اتنی

پھر اتین آکر گھیر لو جھانکی پلک کٹارا ہو چھان نے کھالا

وہ تیری صورت ہے جبسے دیکھی تو ہم تو آنکھیں ہین لگتی حیران
جو کل آئی ہے یاد تیری تو دل ہے ہوتا بہت پریشان
ارے سجیلے ارے چھبیلے ارے ڈھٹیلے کبھی تو آنان
اگن ہے ستی ہے ہیا مین رہے برہ مین تیرا ای من تج نوان

تورے جو نینان نے موہا جھکو نہ چیتنوں تنکو بھوا د کھالا ؕ

گیا ہے جبسے تو دل کو لیکر نہین ہے مجکو قرار اکجا
امید ملنے کی تیرے رکھکر ادھر ادھر ہو نہین آتا جاتا
ہوا ہے میرا یہ حال اب تو تری جدائی مین ای دل آرا
جگت سبھا مت بر ہمکا اٹک کسو امین کرن کھا

دوانی کینی تمن سرجن نہ سدھکی گر یہ بدھکی جھالا ؕ

جو دلپہ گذری ہے میرے تجھ بن بیان نہین ہے کچھ اسکا آسان
یہی تمنا ہے جی مین رہتی کہ تو پھر آوے کوئی گھڑی یان
جو تجکو دیکھے تو ہو تسلی جو تجھسے بولے تو دل ہو خوش آن
کبھی تو ہنسکر شتاب آجا نظر کے بھی طرف ٹک ایجان

بنا کے سج دھج پھر اکے دامن لگا کے ٹھوکر بلا گے بالا

قصہ ہنس

دنیا کی جو الفت کا ہوا مجھکو سہارا
اور اوسنے خوشی کو مری خاطر مین اوتارا
دیکھی جو یہ غفلت تو مرا دل یہ پکارا
آیا تھا کسی شہر سے اک ہنس بچارا

اک پیڑ پہ جنگل کے ہوا اوسکا گذارا

چنڈول اگن ابلقے جھپان بنے ڈھبر
مینا و بئے گلگلے بگلے بھی سمنبر

شکروں نے بھی شکرے کیا اوسکا مدارا
پچھو سیر کی [illegible] و کچھ مانتی و برسے
پنڈخی سے لگا بوبڑ و قمری و ہریوسے
غوغائی بلگ سرخی و لٹورسا و پپیہے
کچھ لال چڑے بودنے بدمی [illegible]
پیدڑی بھی تھی [illegible] اوسے آنکھ کا تارا
چاہت سے گرفتار تھے پن لوین تیتر
کبکو تھے تدرو تھے بھی چاہتیں بٹیر

[illegible]

[illegible] سے لٹک جیا ادھر اودھر
[illegible] و طاؤس کبوتر
زاغ و زغن و [illegible] کا اشتارا
سب کرتے تھے اوسکی محبت [illegible]
[illegible] اوسکی [illegible]
[illegible]
[illegible] بیٹھے تھے پرندے
[illegible] دل و جان کو وارا
[illegible] سب نے دل و جان دیکھین
[illegible]

[illegible]

بادل لگا ٹکورین نوبت کی گت لگاوین	جھینگر جھینگار اپنے ستا بیان بجاوین
کر شور مور بگلے جھڑیون کا مینھ بلاوین	پی پی کرین پپیہے مینڈک ملارین گاوین
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین	
ہر جا بچھا رہا ہے سبزا ہرے بچھونے	قدرت کے بچھ رہے ہین ہر جا ہرے بچھونے
جنگلون مین ہو رہے ہین پیدا ہرے بچھونے	بچھوا دیے ہین حق نے کیا کیا ہرے بچھونے
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین	
سبزونکی لہلہاہٹ کچھ ابر کی سیاہی	اور چھا رہی گھٹائین سرخ اور سفید کاہی
سب بھیگتے ہین گھر گھر لے ماہ تا بماہی	یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین	
کیا کیا رکھے ہے یارب سامان تیری قدرت	بدلے ہے رنگ کیا کیا ہر آن تیری قدرت
سب مست ہو رہے ہین پہچان تیری قدرت	تیتر پکارتے ہین سبحان تیری قدرت
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین	
کوئل کی کوک مین بھی تیرا ہی نام ہیگا	اور مور کی زٹل مین تیرا پیام ہیگا
یہ رنگ سو بڑ ہیگا جو صبح و شام ہیگا	یہ اور کا نہین ہے تیرا ہی کام ہیگا
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین	
پھولونکی سیج اوپر سوتے ہین کتنے بن بن	سوہن گلابی جوڑے پھولونکے ہار ابرن
کتنونکے گھر ہے کھانا سونا لگے ہے آنگن	کونین پڑ رہی ہین سر منہ لپیٹ سوگن
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین	

گاتی ہے گیت کوئی جھولے پر کرکے پھیرا
ہے خوش کسیکو آکر ہے درد و غم نے گھیرا
مارو جی آج کیجے یاں رین کا بسیرا
منہ زرد باں بکھرے اور آنکھوں میں اندھیرا

کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین

اور جنکو اب مہیا حسنوں کی ڈھیریاں ہین
محبوب دلبروں کی زلفیں بکھیریاں ہین
سرخ اور سنہری کپڑے عشرت کی گھیریاں ہین
جگنوں چمک رہی ہین راتین اندھیریاں ہین

کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین

کتنے تو بھنگ پی پی کپڑے بھگو رہے ہین
کتنے بزرگ مارے شدھ اپنی کھو رہے ہین
باہین گلوں مین ڈالے جھولوں مین سو رہی ہین
جھولیکی دیکھ صورت ہر آن رو رہے ہین

کیا کیا مچی ہین یارو برسعات کی بہارین

بیٹھے ہین کتنے خوش ہو اونچے چھوا کے بنگلے
کتنے پھرے ہین باہر خوبان کو اپنے سنگ لے
پیتے ہین مے کے پیالے اور دیکھتے ہین جنگلے
سب شاد ہو رہے ہین عمدہ غریب کنگلے

کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین

کتنوں کو محلوں اندر ہے عیش کا نظارا
کرتا ہے سیر کوئی کوٹھی کا لے سہارا
یا سائبان ستھرا یا بانس کا اوسارا
مفلس بھی کر رہا ہے پولے تلے گذارا

کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین

چھت گر نیکا کسیکا غل شور ہو رہا ہے
در و در حویلی والا ہر آن رو رہا ہے
دیوار کا بھی دھڑکا کچھ ہوش کھو رہا ہے
مفلس سو جھوپڑی مین دلشاد ہو رہا ہے

کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین

کتنون نے قول باندھا معمولی دیکھے پیسے برسات بھر تو ملکے سنتے ہو جان پیارے	کہتی ہین شاد ہوکر یون اپنے آشنا سے احمق ہو جو پلنگ آب موتنے کو اوترے
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین	
یہ سنکے اونسے ہنس ہنس کہتی ہے شوخ رنڈی ہم پہنے لال جوڑا تم پہنو خاصی بنڈی	معمولی اب تو لیکر ہندی بھی ہے گھمنڈی خندی ہو جو تمہاری چھاتی کرے نہ ٹھنڈی
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین	
زردار کی تو اونمین ہے بچھ رہی پلنگڑی مفلس کو ٹوٹی پٹی یا ٹاٹ کی جھلنگڑی	دلبر پریسی بیٹھی جھمکا جوڑے پنگڑی رنڈی ملی تو کالی یا گنجی لولی لنگڑی
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین	
جو بیگمی ہے گھر مین آرام کر رہی ہے چیتون لگاو ٹونسے سو دام کر رہی ہے	پردہ نین دوستون سے پیغام کر رہی ہے چپکے ہی چپکے اپنا سب کام کر رہی ہے
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین	
کہتا ہے کوئی اپنے محبوب سیمبر سے کوئی کہے ہے اپنے دلدار خوش نظر سے	اس مینہ مین نجاؤ پیارے ہمارے بر سے ہاتھو نسے میرے جانی کھالے یہ دو اندر سے
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین	
کہتا ہے کوئی پیاری جو کچھ کہو سو لاوین پیڑا جلیبی لڈو جو کھاو سو منگاوین	زردوزی ٹاٹ بافی جوتا کہو پنہاوین چیرا دوپٹہ جامہ جیسا کہو رنگاوین
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین	

زردار کی تو سنکر آواز وہ پہ سادو
کہتی ہے لونڈیوں سے جلدی کواڑ کھولو
مفلس کوئی پکارے تو اوس گلی ہے سوو
ہر گز کوئی نہ بولو احمق کو بھیگنے دو
کیا کیا مچی ہین یارو برسات کی بہارین

کیا کیا مچی ہیں یار و برسات کی بہاریں
کوئی شور کر پکارے گرنے لگا سنبھالیو
کوئی ہاتھ اوٹھا پکارے مجھکو بھی ہاتھ دیجو
کوئی ڈگمگا کے ہر دم کہتا ہے وای لیجو
کہتا ہے کوئی گرکر اے خدا سے بچائیو
کیا کیا مچی ہیں یار و برسات کی بہاریں
[illegible]

کوئی پکارتی ہے دل سخت بھیگتی ہون کپڑے بھی تر بتر ہین اور سخت بھیگتی ہون	کانپے ہے میری چھاتی یک لخت بھیگتی ہون جلدی بلائے مجکو کمبخت بھیگتی ہون
کیا کیا مچی ہین یار و برسات کی بہارین	
آیا دہین چھپر کھٹ ما چی پلنگ کھٹولے چہونکی جر جراہٹ بوچھار کے جھکولے	دلبر کہین بغل ہین امرد کہین ہیولے دیکھے کہین دھڑاکے چلتی کہین ہٹولے
کیا کیا مچی ہین یار و برسات کی بہارین	
شیشہ کہین گلابی بوتل جھمک رہی ہے چھاتی سے چھاتی لگ کر عشرت جھلک رہی ہے	راببیل موتیا کی خوشبو مہک رہی ہے پائے کھٹک رہے ہین پٹی چٹک رہی ہے
کیا کیا مچی ہین یار و برسات کی بہارین	
کوئی پکارتی ہے کیا کیا مجھے بھگویا ناحق قرار کر کے جھوٹا مجھے بھگویا	کوئی پکارتی ہے کیسا مجھے بھگویا یون دور سے بلا کر اچھا مجھے بھگویا
کیا کیا مچی ہین یار و برسات کی بہارین	
جن دلبرونکے خاطر بھیگے ہین جنکے جوڑے لے اونکے بھیگے کپڑے ہاتھون مین دھر نچوڑے	وہ دیکھ انکی الفت ہوتے ہین تھوڑے تھوڑے چیر اکوئی سکھاوے جامہ کوئی نچوڑے
کیا کیا مچی ہین یار و برسات کی بہارین	
کیچڑ سے ہو رہی ہے جسجا زمین پھسلنی پھسلا جو پاون بگڑی مشکل ہے پھر سنبھلنی	مشکل ہوئی ہے وانسے ہر اک کو راہ چلنی جوتی گری تو اوسے کیا تاب پھر نکلنی
کیا کیا مچی ہین یار و برسات کی بہارین	

گر کر کسی کے کپڑے دلدل مین ہین معطر
پھسلا کوئی کسی کا کیچڑ مین منہ گیا بھر
اک دو نہین پھسلتے کچھ اس مین آن اکثر
ہوتے ہین سیکڑون کے سر نیچے پاون اوپر
کیا کیا مچی ہین یار و برسات کی بہارین

یہ رت وہ ہے کہ جس مین خورد و کبیر خوش ہین
ادنیٰ غریب مفلس شاہ و وزیر خوش ہین
معشوق شاد و خرم عاشق اسیر خوش ہین
جتنے ہین اب جہان مین سب اے نظیر خوش ہین
کیا کیا مچی ہین یار و برسات کی بہارین

میان نظیر اکبرآبادی

ولہ

[illegible]

	اَب لاو کہان ہے وہ مرا کوسنے والا	
غنچون کی طرح ملکے لہو اپنے دہن سے حسرت زدہ کہ آکے ہر اک اپنے کفن سے		زخمونکے نشان سب وہ نمایان ہین بدن سے ہن تختۂ گل آخرش اس خاک چمن سے
	نکلا مرے قاتل کے شہیدون کا رسالا	
مرتا ہون تڑپتا ہون پڑا ہجر مین اوس بن ملجاوے کہین تجھسے وہ کافر جو کسی دن		دن عمر کے بھرتا ہون شب و روز مین گن گن قاصد تو مرا نام تو لیجو نہ و لیکن
	کہنا کوئی مرتا ہے ترا چاہنے والا	
کوئی فصل بہار آئی ہی دہوم ہے نسے زمن مین اور غل ہین پڑے بلبل و گل سرو سمن مین		فرقت کے غم و درد سے طاقت نہین تن مین کیا خاک اوڑانیکو چلین آہ چمن مین
	نہ یار نہ ساقی نہ صراحی نہ پیالا	
خوبان کے یہ جو چاند سے منہ پر کھلے ہین بال یہ بال بال اب ہی تیری جان کا وبال	مارا ہے تیرے واسطے صیاد نے یہ جال پھنسیو خدا کیواسطے اسمین نہ دیکھ بھال

گر ہے فقیر تو تو نہ رکھ یان کسی سے میل
یان تو نبڑی نہ بیل پڑا اپنے سر پہ کھیل

جسکا ہے تو فقیر اوسیکو سمجھ تو یار دیوے تو لے وہی جو نہ دیوے تو دم نہ مار	مانگے تو مانگ اوس سے ہی کیا فقر کیا اودھار اوسکے سوا کسی سے نہ رکھو اپنا کاروبار

کیا فائدہ اگر تو ہوا نام کا فقیر
ہو کر فقیر تو بھی رہا جال مین اسیر
ایسا ہی تھا تو فقر کو ناحق کیا اسیر
ہم تو اسی سخن کے ہین قائل میان نظیر
گر ہے فقیر تو تو نہ رکھ یان کسی سے میل
یان تو نبڑی نہ بیل پڑا اپنے سر پہ کھیل

مخمس نظیر اکبرآبادی

ایضاً

جہان مین نام تو سنتے تھے ہم جدائی کا
ولے نہ دیکھا تھا درد و الم جدائی کا
دیا فلک نے ہمین بھی یہ غم جدائی کا
پڑا ہے سر پہ ہمارے ستم جدائی کا
غضب ہے [illegible] جدائی کا

[illegible] جدائی کا
[illegible] جدائی کا
[illegible] جدائی کا
[illegible] جدائی کا

کبھی تو یار کے آنیکی راہ تکتا ہون کبھی تو آہو جنگل مین جا بھٹکتا ہون	گلی مین اوسکی کبھی جا کے سر پٹکتا ہون نکلتی جان نہین اور پڑا سسکتا ہون

غضب ہے قہر ہے یارو ستم جدائی کا
خدا کسیکو نہ دکھلائے غم جدائی کا

پھرون ہون دشت و بیابان رات دن غمناک خراب حال جگر خستہ اور گریبان چاک	جلاتا آہ کے شعلہ سے سب خس و خاشاک یہ جبر آن پڑے غم وہ کیا ہے پھر خاک

غضب ہے قہر ہے یارو ستم جدائی کا
خدا کسیکو نہ دکھلائے غم جدائی کا

مری جو چشم سے دن رات آنسو بہتے ہین جو آشنا ہین مرے مجھکو دیکھ رہتے ہین	تو جان و دل مرے کیا کیا عذاب سہتے ہین سب اپنے حیف سے مل کے ہاتھ کہتے ہین

غضب ہے قہر ہے یارو ستم جدائی کا
خدا کسیکو نہ دکھلائے غم جسدائی کا

جو میکدہ کی طرف کو کبھی کرون ہون گذار پیالہ چشم کا آنسو سے بھر ہر اک میخوار	تو دیکھ مجھکو پریشان خراب خستہ و خوار جگر سے کھینچکے آہ اور یہی کہے ہے پکار

غضب ہے قہر ہے یارو ستم جدائی کا
خدا کسیکو نہ دکھلائے غم جدائی کا

کبھی چمن کو جو گھبرا کے ہون نکلجاتا جدھر کو جاون ادھر غم جگر کو ہے کھاتا	تو وان بھی ہائے ذرا دل نہین ہے ٹھہراتا عجب خرابی ہے کچھ ہائے بن نہین آتا

غضب ہے قہر ہے یارو ستم جدائی کا
خدا کسیکو نہ دکھلائے غم جدائی کا

نہ شور و سیر کی مجھکو نہ انجمن کی خبر
نہ یاد باغ کی ہے اور نہ شہر بن کی خبر
نہ دھیان جسم کا اور کچھ نہ پیرہن کی خبر
نہ ہوش دل کا رہے نہ مجھکو تن بدن کی خبر
غضب ہے قہر ہے یارو ستم جدائی کا
خدا کسیکو نہ دکھلائے غم جدائی کا

سوا سے مرگ نہین اب پناہ مت پوچھو
جو ظلم مجھپہ گذرتا ہے آہ مت پوچھو
غضب ہے قہر ہے یارو ستم جدائی کا
خدا کسیکو نہ دکھلائے غم جدائی کا

در بیان فراق

در بیان سخاوت و غیرت

زردار ہے تو ہر گز مت مار اپنے من کو
تن زیب تن سکھو نے تر سا نہ اپنے تن کو
جو تیر چلین چلین ہن چل تو بھی اوس چلن کو
مرشد کا ہے یہ نکتہ رکھو یاد اس سخن کو

دل کی خوشی کی خاطر چھوڑ ال ال و دھن کو
گر مر رہے تو عاشق کوڑی نہ رکھ کفن کو

جا بیٹھ میکدون مین سب درد و غم سے ہا کر
چھکا گلابی سے کے پیالے اولٹ پلٹ کر
محبوب دلبرون سے خوش ہو لپٹ لپٹ کر
لیجو دوا و ریاسے میوہ مٹھائی چکھ کر

خاک ایسی زندگی پر تم کہین اور ہم کہین

چھوٹ جاوین غم کے ہاتھوں سے جو نکلے دم کہین
خاک ایسی زندگی پر تم کہین اور ہم کہین

جب سے تم کو لے گیا ہے یہ فلک ظلم کہین
ہم پہ جو گذرا ہے وہ گذرا کسی پر کم کہین

جی ترستا ہے کہین اور چشم ہے پر نم کہین
نے تسلی ہاہے نہ دل کو چین ہے اک دم کہین

چھوٹ جاوین غم کے ہاتھوں سے جو نکلے دم کہین
خاک ایسی زندگی پر تم کہین اور ہم کہین ؎

ہر گھڑی آنسو بہانا دیدۂ خونبار سے
آہ و نالہ کھینچنا ہر دم دل بیمار سے

رات دن سر کو ٹپکنا ہر در و دیوار سے
ہے برا احوال ابتو ہجر کے آزار سے

چھوٹ جاوین غم کے ہاتھوں سے جو نکلے دم کہین
خاک ایسی زندگی پر تم کہین اور ہم کہین

نے کسی سے مہر و الفت نے کسی سے پیار ہے
دل اودھر سینے مین تڑپے جی ادھر بیمار ہے

نے رفیق اپنا کوئی اور نہ کوئی غمخوار ہے
کیا کہین ابتو بہت مٹی ہماری خوار ہے

چھوٹ جاوین غم کے ہاتھوں سے جو نکلے دم کہین
خاک ایسی زندگی پر تم کہین اور ہم کہین

گھر مین جی بہلے نہ باہر انجمن مین دل لگے
نے پہاڑون مین نہ صحرا میں نہ بن مین دل لگے

نے خوش آوے سیر سرو و سمن مین دل لگے
ابتو تم بن نے گلستان نے چمن مین دل لگے

چھوٹ جاوین غم کے ہاتھوں سے جو نکلے دم کہین
خاک ایسی زندگی پر تم کہین اور ہم کہین

بر نہین اور ڈر کر تمہارے پاس جو آ جائیے
چشم تر اور داغ سینے کے کسے دکھلائیے

جی ہی جی مین کبتلک خون جگر کو کھائیے
دل سمجھتا ہی نہین کیونکر اسے سمجھائیے

[illegible]

دربیان تماشای [illegible] دن

یعنی خلق مین اب جابجا یہی تماشا ہے
[illegible] کی تو یہ سب ایک کا تماشا ہے
بسم کو دیکھو اودھر اک نیا تماشا ہے
غرض مین کیا کہون دنیا بھی کیا تماشا ہے

[illegible] دیکھو تماشے نہین ہین [illegible]
کہ بنا دون مین سیدھا کے کہون اولا
جو نا ہو طلسم حقیقی تو وہ جاوے کب سمجھا
عجیب بہار کی اک سیر ہے اہا ہا ہا
غرض مین کیا کہون دنیا بھی کیا تماشا ہے

نہین [illegible] زور جھون مین وہ [illegible] ہین
جو زور والے ہین وہ آپسے پچھڑتے ہین
[illegible] انسے بٹیرون کے تئین پکڑتے ہین
ہمارے چھاتیان کرتے اکڑتے پھرتے ہین
غرض مین کیا کہون دنیا بھی کیا تماشا ہے

بنا کے نیا بازار کی دکان بیٹھا ہے
جو مہندی وال تھا وہ خاک چھان بیٹھا ہے
جو چور رہتا سو وہ ہو پاسبان بیٹھا ہے
زمین پھرتی ہے اور آسمان بیٹھا ہے

[illegible]

ہر ایک مکان مین سردی نے آ باندھ دیا ہو یہ چکر
جو ہر دم کپ کپ ہوتی ہو ہر آن کڑاکڑ اور تھرتھر
بیٹھی ہو سردی رگ رگ مین اور برف پگھلتا ہو پتھر
جھڑ باندھ مہاوٹ پڑتی ہو اور تس پر لہرین لیکر
سنناٹا باد کا چلتا ہو تب دیکھ بہارین جاڑے کی

ہر چار طرف سے سردی ہو اور صحن کھلا ہو کوٹھے کا
اور تن مین نیمہ شبنم کا ہو جسمین خس کا عطر لگا
چھڑکاو ہوا ہو پانی کا اور خوب پلنگ بھی ہو بھیگا
ہاتھون مین پیالہ شربت کا ہو آگے اک فراش کھڑا
فراش بھی پنکھا جھلتا ہو تب دیکھ بہارین جاڑے کی

جب ایسی سردی ہو اے دل تب روز مزے کی گھاتین ہون
کچھ نرم بچھونے مخمل کے کچھ عیش کی لمبی راتین ہون
محبوب گلے سے لپٹا ہو اور کہنی چٹکی لاتین ہون
کچھ بوسے ملتے جاتے ہون کچھ میٹھی میٹھی باتین ہون
دل عیش و طرب مین ملتا ہو تب دیکھ بہارین جاڑے کی

ہو فرش بچھا غالیچون کا اور پردے چھوٹے ہون آکر
اک گرم انگیٹھی جلتی ہو اور شمع ہو روشن اور تس پر
وہ دلبر شوخ پری چنچل ہے دھوم مچی جسکی گھر گھر
ریشم کی نرم نہالی پر سو ناز و ادا سے ہنس ہنس کر
پہلو کے بیچ مچلتا ہو تب دیکھ بہارین جاڑے کی

ترکیب بنی ہو مجلس کی اور کافر ناچنے والے ہون
منہ انکے چاند کے ٹکڑے ہون تن انکے روئی کے گالے ہون
پوشاکین نازک رنگون کی اور اوڑھے شال دوشالے ہون
کچھ ناچ اور رنگ کی دھومین ہون کچھ عیش مین ہم متوالے ہون
پیالے پر پیالہ چلتا ہو تب دیکھ بہارین جاڑے کی

ہر ایک مکان ہو خلوت کا اور عیش کی سب تیاری ہو
وہ جان کہ جس سے جی غش ہو سو ناز سے آ جھنکاری ہو
دل دیکھ نظیر اوسکی چھب کو ہر آن ادا پر واری ہو
سب عیش مہیا ہو آکر جس جس ارمان کی باری ہو
جب سب ارمان نکلتا ہو تب دیکھ بہارین جاڑے کی

غرض مین کیا کہون دنیا بھی کیا تماشا ہے
[illegible]

غرض مین کیا کہون دنیا بھی کیا تماشا ہے
[illegible]

[illegible]

غرض ہین کیا کہون دنیا بھی کیا تماشا ہے

جنھونکے کان نہین دور کی وہ سنتے ہین وہ جو ہین برستے ہین اور ابر تنکی چنتے ہین	جو کان والے ہین بیٹھے وہ سر کو دھنتے ہین کباب بھیگتے ہین اور ملیدی بھنتے ہین

غرض مین کیا کہون دنیا بھی کیا تماشا ہے

خبیث دیو پلید آہ راگ سے لڑتے ہین بلائین لیتے ہین اور بھوت جن جھگڑتے ہین	جو آدمی ہین وہ ادن بکے پاؤن پڑتے ہین یہ قہر دیکھیے کہ زندون سے مردے لڑتے ہین

غرض ہین کیا کہون دنیا بھی کیا تماشا ہے

کھلے ہین آگ کے پھول اور گلاب جھڑتے ہین سخی کریم پڑے ایڑیان رگڑتے ہین	ببولے پکتے ہین انگور آم سڑتے ہین بخیل موتیون کو موسلون سے جھڑتے ہین

غرض مین کیا کہون دنیا بھی کیا تماشا ہے

عزیز تھے جو ہوئے چشم مین سبھون کے حقیر عجب طرح کی ہوائین ہین اور عجب تاثیر	حقیر تھے سو ہوئے سب مین صاحب توقیر اچنبھے خلق کے کیا کیا کرون بیان مین نظیر

غرض ہین کیا کہون دنیا بھی کیا تماشا ہے

دربیان غنیمت شمردن حسن و جمال

اپنے غمخوارونسے کوئی آن ہنس لے بول لے پھر کہان یہ دلبری شایان ہنس لے بول لے	دردمندونکا نکال ارمان ہنس لے بول لے دم غنیمت ہے ارے نادان ہنس لے بول لے

مان لے کنا مرا ایجان ہنس لے بول لے
حسن یہ دو دنکا ہے مہمان ہنس لے بول لے

مان سے کہنا مرا ایجان ہنس کے بول لے
حسن یہ دو دن کا ہی مہمان ہنس کے بول لے

دل غریبونکے جو پیارے تجھسے اب کھا یا ئینگے
بات کو ہنسنے کو دیدی جو ترکیان ترسا ئینگے

لیک اکدن تجکو بھی خوبان تو نہین کلیا ئینگے
پانڈے جی پچھتا ئینگے وہ ہی چنی کی کھا ئینگے

مان لے کہنا مرا ایجان ہنس کے بول لے
حسن یہ دو دنکا ہے مہمان ہنس کے بول لے

اب نظر آگے ترے رہتا ہوں حاضر صبح و شام
پھر کہان یہ دلبری یہ عیش کی باتین مدام

پیارے ہنس بول پیارے پی مئے الفت کا جام
کچھ نہ رہویگا رہیگا آخرش اللہ کا نام

مان لے کہنا مرا ایجان ہنس کے بول لے
حسن یہ دو دنکا ہے مہمان ہنس کے بول لے

تل کے لڈو

جاڑے مین پھر خدا نے کھلوائے تل کے لڈو
کوچے مین گلی مین پھر جا بکوائے تل کے لڈو

ہر ایک خوانچے مین دکھلائے تل کے لڈو
ہمکو بھی ہین بھینگے دل سے خوش آئے تل کے لڈو

جیتے رہے تو یار و پھر کھائے تل کے لڈو

عمدون نے سوطرح کی یا قوتیان بنائین
سردی مین دو لتون نے سر گرم چیز کھائین

لوگونمین دار چینی شکر مین لے ملائین
اوروں نے ڈال مصری گڑ پٹیان بنائین

ہمنے بھی گردمنگا کر بندھوائے تل کے لڈو

رکھ خوانچے کو سر پہ بیکاری یون پکارا
بادام بھونا جا بوا ور کر کرا چھوارا

کل چوک مین تھا جنگل اوڑا ریچھ کا بچا

مسدس بر ابیات فارسی

گاہے بخندہ لب شکر آمیز میکنی
گاہے بعشوہ غمزۂ خونریز میکنی
ہم ناز دلفریب و دل آویز میکنی
القصہ ہر ادا ستم انگیز میکنی
دیدار می نمائی و پرہیز میکنی
بازار خویش و آتش ما تیز میکنی

ایسا نگاہ کے دل کو مرے لوٹنے ای واہ
جب پی چکے ہم آہ تو کی تو نے اپنی راہ
مجھ سے ترا فریب ہم اسے شوخ کجکلاہ
اچھی یہ رسم تو نے نکالی ہے واہ واہ
دیدار مے نمائی و پرہیز میکنی
بازار خویش و آتش ما تیز میکنی

اول دکھا کے دور سے وہ حسن مہر نور
پھر چھپ گیا تو دل مین لگا تیر سینہ دوز
ہم دیکھتے ہی رہ گئے آشفتہ تیرہ روز
سوچا جو ہمنے خوب تو اے شمع دلفروز
دیدار می نمائی و پرہیز میکنی
بازار خویش و آتش ما تیز میکنی

[illegible]

	کیا تمنے دیا خوب نچا ریچھ کا بچا
کرتا تھا کوئی قدرت خالق کے تئین یاد	اوس ریچھ کے بچے مین تھا اس ناچ کا ایجاد
اور کوئی یہ کہتا تھا ارے واہ رے اوستاد	ہر کوئی یہ کہتا تھا خدا آنکو رکھے شاد
	تو بھی جیے اور تیرا سدا ریچھ کا بچا
خم ٹھوک پہلوان کی طرح سامنے آیا	جب ہمنے اوٹھا ہاتھ کڑون کو جو ہلایا
جو چھوٹے بڑے جتنے تھے اون سبکو رجھایا	لپٹا تو یہ کشتی کا ہنر آن دکھایا
	ہم بھی نہ تھکے اور نہ تھکا ریچھ کا بچا
للکارتے ہی اوسنے ہمین آن لتاڑا	جب کشتی کی ٹھہری تو وہین سر کو جو جھاڑا
اک ڈیڑھ پہر ہو گیا کشتی کا اکھاڑا	گہ ہمنے پچھاڑا اوسے گہ اوسنے پچھاڑا
	گر ہم بھی نہ ہارے نہ ہٹا ریچھ کا بچا
یوان پڑتے روپے پیسے کہ آندھی مین گویا بیر	یہ داؤ مین پیچوان مین جو کشتی مین ہوئی دیر
جو کہتا تھا ہے اک سے اسی طرح سے منہ پھیر	سب نقد ہوئے آگے سوا لاکھ روپے ڈھیر
	یارو تو لڑا دیکھو ذرا ریچھ کا بچا
اسکے تمہین اوستاد ہو واللہ اہاہا	کہتا تھا کھڑا کوئی جو کر آہ اہا ہا
کیا کہیے غرض آخرش اے واہ اہا ہا	یہ سحر کیا تمنے تو ناگاہ اہا ہا
	ایسا تو نہ دیکھا نہ سنا ریچھ کا بچا
جاتے ہین جدھر کو ادھر ارشاد یہی ہین	جس دن سے نظر اپنے تو دلشاد یہی ہین
کیا دیکھتے ہو تم کھڑے استاد یہی ہین	سب کہتے ہین وہ صاحب ایجاد یہی ہین

[illegible]
دیدار می نمائی و پرہیز میکنی
بازار خویش و آتش ما تیز میکنی

[illegible]
دیدار می نمائی و پرہیز میکنی
بازار خویش و آتش ما تیز میکنی

[illegible]
دیدار می نمائی و پرہیز میکنی
بازار خویش و آتش ما تیز میکنی

تیری جو شوخیوں سے وہ آگاہ بسکہ تھا | سعدی جبھی یہ بیت گلستان میں لکھ گیا

دیدار می نمائی و پرہیز میکنی
بازار خویش و آتش ما تیز میکنی

خمسہ بر غزل سراج

کھلی جبکہ چشم دل حزین تو وہ نظم رہا نہ تری رہی | ہوئی حیرت ایسی کچھ نگہ کہ اثر کی بے اثری رہی
پڑی گوش جا میں عجب اکہ جگر نہ بخیگری رہی | خبر تحیر عشق سن نہ جنوں رہا نہ پری رہی

نہ تو تو رہا نہ تو میں رہا جو رہی سو بیخبری رہی

ہوس کیا ہی دل کو فراغتیں گئی قید جیب لباس کی | شہ بیخودی نے عطا کیا مجھے اب لباس برہنگی
کوئی ہنس دیا کہ نہ ہنس دیا غرض اسکو جانے بلا مری | تھو اطلس و گلبدن تلاش بادلہ و زری رہی

نہ خرد کی بخیہ گری رہی نہ جنوں کی پردہ دری رہی

گیے وقت مکتب عقل میں بہت علم ہندسہ بھی پڑھا | کہ ہر اک سے حجت و بحث تھی سو درس علم کا یہ کمال تھا
گیا جبکہ مدرسہ عشق میں تو اگے یار و کچھ نہیں کیا | وہ عجب گھڑی تھی کہ جس گھڑی کیا درس نسخہ عشق کا

کہ کتاب عقل کی طاق پر جو دھری تھی یونہی دھری رہی

ترے سنہ پر ابھی وہ چھپا کہ جہاں تھا عیاں ہوا | اگر آفتاب جمال تھا تجھے دیکھکے وہ نہاں ہوا
کوئی آگے ترے نہ آسکا وہ قمر کہ مہر نشاں ہوا | تر ےجوش حیرت حسن کا اثر اسقدر تو یہاں ہوا

کہ نہ آئینہ میں جلا رہی نہ پری کی جلوہ گری رہی

عجب اتفاق ہی خود بخود مرے دل سے عیش نکلگیا | پڑی آگ ایسی وہ تن میں آکہ برنگ شمع پگھلگیا
ادھر آہ شعلہ زبان ہوئی ادھر اشک آنکھوں سے ڈھلگیا | چلی سمت غیب سے اک ہوا کہ چمن سرور کا جل گیا

وہ پیڑ بلا پودنی نے دھوم مچائی	ہو جاویگی اسبات سے مردون مین لڑائی
اس پیڑ کے کھجانے نے بہت ہمکو ستایا	
ارنی یہ ہنسی سنکے اور ارنے سے کہا جا	ارنا بھی ہنسا اور کہا جا پھر تو کھجا آ
اور آئی کھجانے کو تو یون پودنا بولا	بدذات یہ تیری نہین تقصیر مین سمجھا
شاید تیرے ارنے نے تجھے ہے یہ سکھایا	
کل اسکی سزا پاویگا ارنا تیرا بدخو	جو صبح لگی ہونے تو وہ پودنا دلجو
آیا جہان سوتا تھا وہ ارنا پڑا خوش ہو	دھر بیٹھ گیا کان مین باندھ اپنی پرونکو
پھر پھیر کیا اور پردے مین سینچون کو لڑایا	
ارنا لگا ٹکرانے کو سر شور مچا کر	ارنی گری اوس پودنی کے پاون پہ جا کر
جب پودنے نے اوسکے ترس حال یہ کھا کر	جلدی سے نکالا اوسے آواز سنا کر
ارنے کو سوا بھاگنے کے کچھ نہ بن آیا	
بھاگا غرض ایسا کہ نہ پھر پیچھے کو دیکھا	ارنی بھی گئی بھاگتی ساتھ اسکے گھبرا
اوس بھاگنے مین دونون نے پھر منہ کو نہ پھیرا	ارنا تو نظر اپنے اودھر خوف سے بھاگا
یان گھونسلے مین پودنا پھولا نہ سمایا	

کوّے اور ہرن کے قصے کے بیان مین

اک دشت مین سنا ہے کہ اک خوب تھا ہرن	بچا ہی تھا ابھی نہ ہوا تھا بڑا ہرن
پھرتا تھا چوکڑی کو دکھاتا مزا ہرن	دیکھا جو ایک کوّے نے وہ خوشنما ہرن
دل کو نہایت اوسکے وہ اچھا لگا ہرن	

اور پیشین کرکے کوّے نے اوسکو لگایا
دم مین ہرن بھی کوّے کی الفت مین آگیا
کوّے سے ہرن مین ہوئی جو گہری محبت آ
کوا جدھر جدھر کو خوشی ہوکے جاتا تھا
پھرتا تھا اور سکے ساتھ لگا جا بجا ہرن

اک گیدڑ اوس ہرن کے کرنے لگا شکار
بولا ہر ایک جان سے مین تیرا ہون نثار
مجھکو بھی اپنا جان غلام اور دوستدار
اور دل مین یہ کہ سمجھے کس طور سے شکار
اور سکے دغا و مکر سے واقف نہ تھا ہرن

گیدڑ پر جب کے مکر سے جب دم گیا اور دم
کو آ ہرن سے کہنے لگا کرکے شور و شر
یہ بحث مکر باز ہے کر اس سے تو حذر
اکدن دغا سے تجھکو یہ پکڑ لیگا ہت گر
سنکر یہ بات کوّے کی چپ ہو رہا ہرن

دن دوسرے ہرن کے گیدڑ پھر آگیا
کوّے کو روتا دیکھ یہ بولا وہ پر دغا
مین آج دیکھ آیا ہون کیا کھیت اک ہرا
کھا اوسکو چلکے تو ہو شاد دل مرا
سنتے ہی اوسکے ساتھ اوچھلتا چلا ہرن

[illegible] نظیر اکبرآبادی

جس کھیت پر یہ لیکے گیا اوسکو بدسگال
وان پہلے دیکھ آیا تھا اک صیاد کا جال
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

گیدڑ نے اوسکو دیکھا آن جا کے جھاڑ یلی
افسوس کر کے دام کی رسّی وہ کھولدی

صیاد اوس ہرن کو پڑا دیکھ اوس گھڑی
کو اپکارا بھاگ اٹھ وقت ہے یہی

سنتے ہی وانسے جو کڑی بھر گراوڑا ہرن

صیاد نے جو دیکھا ہرن اوٹھ چلا چھپاک
سونٹے کو پھینکا راہ پھرتی سے اوسنے تاک

جاد پسے دوڑ پیچھے ہرن کے وہ سینہ چاک
بھاگا ہرن وہین لگا گیدڑ کے آ کھٹاک

سر اوسکا پھوٹا اور وہ سلامت رہا ہرن

گیدڑ نے اوس ہرن کا جو چیتا تھا وان برا
تھا یہ تو نثر مین سنے اسے نظم مین کیا

پائی اوسنے اپنی بدی کی وہین سزا
ہو سچا نظیر جب وہ خوشی ہو کے اپنی جا

کوے کے ساتھ پھر وہ بہت خوش ہوا ہرن

ایضاً

کی وصل مین دلبر نے عنایات تو پھر کیا
غصہ ہا یا پیار سے کی بات تو پھر کیا

یا ظلم سے دی ہجر کو آفات تو پھر کیا
گر عیش سے عشرت مین کٹی رات تو پھر کیا

اور غم مین بسر ہو گئی اوقات تو پھر کیا

مجنون کی طرح دل کو اگر ہمنے لگایا
دلبر نے بھی لیلیٰ کی طرح دل کو لگایا

بیچین کیا روح کو اور تن کو سکھایا
جب آئی اجل پھر کوئی ڈھونڈھا بھی نپایا

قصون مین رہے حرف و حکایات تو پھر کیا

جس شوخ پریزاد کی اول سے ہوئی چاہ
ہنسنا بھی ہوا باتین بھی اچھی ہوئین دلخواہ

ہر روز ملی اوس سے رہے عیش کے ہمراہ
جز بوس و کنار اور جو تھا اوسکی سوا آہ

وہ مانگتا در در پھر اخیرات تو پھر کیا

دنیا مین لگا مفلس و درویش سے تا شاہ — سب زر کے طلبگار ہین کیا ہی سے تا ماہ
مرتا ہے کوئی مال پہ ڈھونڈتا ہے کوئی جاہ — دولت ہی کا ماننا ہے بڑی چیز نظیر آہ

بالفرض ہوئی اوس سے ملاقات تو پھر کیا

آدمی نامہ

دنیا مین بادشہ ہے سو ہے وہ بھی آدمی — اور مفلس و گدا ہے سو ہے وہ بھی آدمی
زردار بے نوا ہے سو ہے وہ بھی آدمی — نعمت جو کھا رہا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

ٹکڑے چبا رہا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

ابدال قطب غوث ولی آدمی ہوے — منکر بھی آدمی ہوے اور کفر کے بھرے
کیا کیا کرشمے کشف و کرامات کے کیے — حتے کہ اپنے زور و ریاضت کے زور سے

خالق سے جا ملا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

فرعون نے کیا تھا جو دعوی خدائی کا — شداد بھی بہشت بنا کر ہوا خدا
نمرود بھی خدا ہی کہاتا تھا برملا — یہ بات ہے سمجھنے کی آگے کہوں کیا

یانتک جو ہو چکا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

یان آدمی ہی نار ہے اور آدمی ہے نور — یان آدمی ہی پاس ہے اور آدمی ہی دور
کل آدمی کا حسن و قبح ہے یان ظہور — شیطان بھی آدمی ہے جو کرتا ہے مکر و زور

اور ہادی رہنما ہے سو ہے وہ بھی آدمی

مسجد بھی آدمی نے بنائی ہے یان میان — بنتے ہین آدمی ہی امام اور خطبہ خوان

گورا بھی آدمی ہے کہ ٹکڑا ہے چاند کا	کالا بھی آدمی ہے کہ اولٹا ہے جون توا

بدشکل بدنما ہے سو ہے وہ بھی آدمی

اک آدمی ہین جنکے یہ کچھ زرق برق ہین	روپے کے اونکے پاؤن ہین سونیکے فرق ہین
جھکے تمام غرب سے لے تا بہ شرق ہین	کمخواب تاش شال دو شالو مین غرق ہین

اور چیتھڑون لگا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

اک ایسے ہین کہ جنکے بچھے ہین نئے پلنگ	پھولونکی سیج اوسپہ جھمکتی ہین تازہ رنگ
سوتے ہین لپٹے چھاتی سے معشوق شوخ و شنگ	سو سو طرح سے عیش کے کرتے ہین رنگ ڈھنگ

اور خاک مین پڑا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

مرنے مین آدمی ہی کفن کرتے ہین تیار	نہلا دھلا اوٹھاتے ہین کاندھے پہ کر سوار
کلمہ بھی پڑھتے جاتے ہین روتے ہین زار زار	سب آدمی ہی کرتے ہین مردے کے کاروبار

اور وہ جو مر گیا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

اشراف اور کمینے سے لے شاہ تا وزیر	ہین آدمی ہی صاحب عزت بھی اور حقیر
یان آدمی مرید ہے اور آدمی ہی پیر	اچھا بھی آدمی ہی کہاتا ہے اے نظیر

اور سب مین جو برا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

ایضاً

دیکھ ٹک غافل چمن کو گلفشانی پھر کہان	یہ بہار عیش یہ شور جوانی پھر کہان
ساقی و مطرب شراب ارغوانی پھر کہان	عیش کر خوبان مین اے دل شادمانی پھر کہان

شادمانی گر ہوئی تو زندگانی پھر کہان

سو سو طرح کی دھوم مچاتی ہین روٹیان

جیسا یہ ہانڈی چولھا توا اور تنور ہے
خالق کی قدرتون کا اوسی جا ظہور ہے
چولھے کے آگے آنچ جو جلتی حضور ہے
جتنے ہین نور سب مین یہی خاص نور ہے

اس نور کے سبب نظر آتی ہین روٹیان

آوے توے تنور کا جسجا زبان پہ نام
یا چکی چولھے کا جہان گلزار ہو تمام
وان سر جھکا کے کیجیے ڈنڈوت اور سلام
اسواسطے کہ خاص یہ روٹی کے ہین مقام

پہلے انھین مکانون مین آتی ہین روٹیان

ان روٹیون کے نور سے سب دل ہین پور پور
آٹا ہی نہین چھلنی سے چھن چھن گرے ہے نور
پیڑا ہر ایک اسکا ہے برفی و موتی چور
ہرگز کسی طرح نہ بجھے پیٹ کا تنور

اس آگ کو مگر یہ بجھاتی ہین روٹیان

پوچھا کسی نے یہ کسی کامل فقیر سے
یہ مہر و ماہ حق نے بنائے ہین کاہے کے
وہ سن کے بولا بابا خدا تجھکو خیر دے
ہمتو نہ چاند سمجھین نہ سورج ہین جانتے

بابا ہمین تو یہ نظر آتی ہین روٹیان

پھر پوچھا اوسنے کہیے یہ ہے دل کا نور کیا
اسکے مشاہدے مین ہے کھلتا ظہور کیا
وہ بولا سن کے تیرا گیا ہے شعور کیا
کشف القلوب اور یہ کشف القبور کیا

جتنے ہین کشف سب یہ دکھاتی ہین روٹیان

روٹی جب آئی پیٹ مین سو قند گھل گئے
گلزار پھولے آنکھون مین اور عیش تل گئے
دو تر نوالے پیٹ مین جب آکے ڈھل گئے
چودہ طبق کے جتنے تھے سب بھید کھل گئے

بھی ہکالی اب جھیں آئی ہین روٹیان
کپڑے کسی کے لال ہین روٹی کیواسطے
لینے کسی کے بال ہین روٹی کیواسطے
باندھے کوئی رومال ہین روٹی کے واسطے
سب کشف اور کمال ہین روٹی کے واسطے
جتنے ہین روپ سب یہ دکھاتی ہین روٹیان

روٹی سے ناچے پیادہ قواعد دکھا دکھا
اسوار ناچے گھوڑے کو کاوہ لگا لگا
گھنگرو کو باندھے پیک بھی پھرتا ہے ناچتا
اور اس سوا جو غور سے دیکھا تو جا بجا
سو سو طرح کے ناچ دکھاتی ہین روٹیان

عارف وہی ہین اور وہی صاحب کمال ہین
[illegible]
[illegible]
اللہ کی بھی یاد دلاتی ہین روٹیان
[illegible]
[illegible]
کشفیہ کہاں دکھاتی ہین روٹیان

[illegible]

سب ملکے یہی بات پکارین ہین ہر اک آن — گل بھی وہی سنبل وہی نرگس وہی ریحان

اپنے ہی تماشے کو گلستان مین آیا

کیا ارض و سما حور و ملک دیو پری جن — کیا وحشی و طائر نہین اِک دم کوئی اوس بن

ہر رات یہی بات یہی ذکر ہے ہر چھن — اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن

مذکور یہی آیتِ قرآن مین آیا

ماٹی سے کہین خاک کا پتلا وہ ہوا ہے — یا روح بن اوس خاک کے پتلے مین گھسا ہے

آپ ہی تو بنایا ہے اور آپ ہی وہ بنا ہے — عزت سے ملائک نے اوسے سجدہ کیا ہے

جس وقت کہ وہ صورتِ انسان مین آیا

آ کر کہین دیتا ہے وہ سینے مین لگا آگ — اور رہا کہین کرتا ہی لائے کے اوپر چھاگ

جو اوسکے شناسان ہین یہی کہتے ہین بے لاگ — مطرب وہی آواز وہی ساز وہی راگ

ہر راگ مین بولا وہ ہر اک تان مین آیا

کیا چمپئی کیا بسنتی کیا اخضر و احمر — کیا سوسنی کیا کشمش کیا ابیض و اصفر

اب مثل نظیر اس چمن دہر کے اندر — ہر رنگ کے رنگونکو ذرا دیکھ لے اصغر

سو طرح کے عالم کے خیابان مین آیا

علیہ

در بیان شب برات

کیونکر کرے نہ اپنی نمود داری شب برات — چلپک چپاتی حلوے سے ہی بھاری شب برات

عبسد نے آنکر مری آنکھون سے وان جو بین	دیکھی جو اس بہار کی کافر وہ نازنین
دل لوٹ پوٹ ہوگیا جان غشمین جا پڑی	
کیا کیا کہون مین شوخ کے عالم بناوکا	تصویر بن رہی تھی لگا سر سے تا بپا
اوسدم بندھی تھی اوسکی غضب آنکر ہوا	کافر کھڑی ہوئی تھی عجب ڈھب سے بن بنا
اک ہاتھ مین تھا آئنہ اک ہاتھ مین چھڑی	
دیکھی جو مین نے وان یہ طلسمات کی ہوا	عالم جواہرات کا ہر جا جھمک رہا
اوسکے جھمک جھمک کی بہارین کہون مین کیا	چمکا جو وہ مکان مری آنکھ مین نور سا
حیرت سے عقل آنکی چکر مین جا پڑی	
ایسا مکان تو مینے نہ دیکھا تھا نے سنا	دیوانہ ہو مین چارون طرف دیکھنے لگا
چاہا کہ دیکھون کوٹھے کے اوپر نظر اوٹھا	اتنے مین اک طرف سے جو پردہ سا اوٹھگیا
بجلی سی کچھ چمک گئی آنکھون مین اوسگھڑی	
آکر کھڑی ہوئی تھی جو دان ناگہان وہ شوخ	لیتی تھی ہر نگاہ مین عاشق کی جان وہ شوخ
کچھ چلبلی نگاہ تھی کچھ انکھڑیان وہ شوخ	کرتی تھی سیر چارون طرف کی جو دان وہ شوخ
اتنے مین پھرتے اوسکی نظر مجھپہ آپڑی	
اوسکی نگہ کے آنیکا مین کیا کرون بیان	بجلی تھی یا کہ تیر تھی گولی تھی یا سنان
میری طرفکو دوڑکے آتے ہی ناگہان	میری نظر بھی دوڑکے اوسکی نظر سے وان
ایسی لڑی کہ خوب لڑی خوب ہی لڑی	
بارے نظر کے لڑتے ہی کچھ کم ہوا حجاب	الفت کی آکے دونون طرف سے کھنچی طناب

میری تو اوس پری سے یہی مین تھی مراد

جان آگئی بدن مین مرا اوسکی بات سے

دربیان انعام ہاے خداے زمین و آسمان

ولہ

اے دل کہین توجا کے نہ اپنی زبان ہلاے
مانگ اوس سے جسکے ہاتھ سے تو پیٹ بھر کے کہاے

اور در در اپنے دل کا کسیکو تو مت سناے
مشہور یہ مثل ہے کہون کیا مین بھیجے ہاے

غیر از خدا کے کسمین ہے قدرت جو ہاتھ اوٹھاے
مقدور کیا کسیکا وہی دے وہی دلاے

قادر قدیر خالق و حاکم حکیم ہے
دونون جہانمین ذات اوسیکی کریم ہے

مالک ملیک سچ توانا قدیم ہے
یعنے اوسیکا نام غفور و رحیم ہے

غیر از خدا کے کسمین ہے قدرت جو ہاتھ اوٹھاے
مقدور کیا کسیکا وہی دے وہی دلاے

ستار ذوالجلال خداوند کردگار
انسان دیو جن و پری فیل و مور و مار

رزاق کارساز مددگار دوستدار
جاری اوسیکے ہاتھ سے ہین سبکے کاروبار

غیر از خدا کے کسمین ہے قدرت جو ہاتھ اوٹھاے
مقدور کیا کسیکا وہی دے وہی دلاے

کہنے کے تئین اگرچہ وہ اب بے نیاز ہے
جتنے ہین بندے سبکا وہ بندہ نواز ہے

پر سب نیاز مند و گدا وہی ناز ہے
جتنی ہے خلق سب کا وہی کارساز ہے

غیر از خدا کے کسمین ہے قدرت جو ہاتھ اوٹھاے
مقدور کیا کسیکا وہی دے وہی دلاے

میوان چوہی کھاتے ہیں [illegible] / کرتے ہیں عجیب [illegible]
بھیرتیت گھر مین لاوے ہے کون ایسا ہم ؟ / [illegible] روپیے اشرفی یا ہم زر کا ہم
یان ٹک نگاہ چوکی او ... مال دوستون کا
ہشیار یار جانے یہ دشت ہے ٹھگون کا
[illegible] غافل او [illegible]
[illegible] بغل مین [illegible]
نادان کو [illegible]
ہشیار یار جانے یہ دشت ہے ٹھگون کا
یان ٹک نگاہ چوکی اور مال دوستون کا

	عیار زخدا کے کیسین ہے قدرت جو ہاتھ او ٹھاے مقدور کیا کسیکا وہی دے وہی دلاے	

دربیان مکائد اہل دنیا

کیا کیا فریب کیسے دنیا کی فطرتون کا جب دوست ملکے لوٹین اسباب مشفقون کا	مکر و دغا و دزدی ہے کام اکثرون کا پھر کس زبان سے شکوہ اب کیجے دوستون کا

ہشیار یار جانے یہ دشت ہے ٹھگون کا
یان ٹک نگاہ چوکی اور مال دوستون کا

گردن کو ہے او دیکھا تو چور رات مین ہے اسکی بغل مین گپتی تیغ اوسکے ہات مین ہے	نٹ گھٹلی کچھ نہ پوچھو ہر بات بات مین ہے وہ اسکی فکر مین ہے یہ اوسکی گھات مین ہے

ہشیار یار جانے یہ دشت ہے ٹھگون کا
یان ٹک نگاہ چوکی اور مال دوستون کا

عیار اور چھچھورا نت اپنے کار مین ہے قزاق جس مکان پر فکر سوار مین ہے	اور صبح خیز بابھی اپنی بہار مین ہے پیادہ غریب او بیچا پھر کس شمار مین ہے

اشیار یار جانے یہ دشت ہے ٹھگون کا
یان ٹک نگاہ چوکی اور مال دوستون کا

اس راہ مین جو آیا اسوار کھکی گھوڑا سو یا سرا مین جاکے تو چور نے جھنجھوڑا	ٹھگ سے بچا تو آگے قزاق نے نہ چھوڑا تیغا رہا نہ بھالا گھوڑا رہا نہ کوڑا

ہشیار یار جانے یہ دشت ہے ٹھگون کا
یان ٹک نگاہ چوکی اور مال دوستون کا

چڑیا نے دیکھو غافل کیڑا ادھر گھسیٹا
کوے نے وقت پاکر چڑیا کا پر گھسیٹا
چیلون نے مار پنجہ کوے کا سر گھسیٹا
جو جسکے ہاتھ آیا اوسنے ہی ادھر گھسیٹا

ہشیار یار جانے یہ دشت ہے ٹھگون کا
یان ٹک نگاہ چوکی اور مال دوستون کا

[illegible]

صیاد جا بٹھا ہے جو صید کا گذارا / [illegible]
اور صید جا بٹھا ہے [illegible]
قابو جو پا بیٹھا تو اوسکو وہین [illegible]
اور یہ بھی [illegible]

ہشیار یار جانے یہ دشت ہے ٹھگون کا
یان ٹک نگاہ چوکی اور مال دوستون کا

[illegible]
[illegible]

ہشیار یار جانے یہ دشت ہے ٹھگون کا
یان ٹک نگاہ چوکی اور مال دوستون کا

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

کوئی نہاوے اور کوئی منہ دھووے شاد ہو
اوسپر ہجوم رکھتے ہین یون ساکنان شہر
لاکھون بہارین رکھتی ہے اک ایک جسکی لہر
جب چمن کو دیکھو تو بہتر ہے چمن کی نہر
سچے ہین اونکے وصف مین مردم شگفتہ جان
فندق شکستہ بھی دل سے فدا ہوویں دن اور رات
تھمنا اونپہ آٹھ پہر لگا رہے ہے ہجوم
پیرتے تو پھر بات ہے کچھین ... باغ
ہر فصل مین وہ ہوتے ہین باکثرت میوہ جات
ہر ذوق ... دیکھے جہان ہو آسمان
کیجا ... باغ و شہر وہ سرسبز ...
ایدھر کو ... وقفے ہین تو اودھر کو ...

ہے میری حق سے اب یہ دعا شام اور سحر سب کھا دین ہووین یاد رکھین اپنے اپنے گھر		ہو آگرے کی خلق پہ اب مہر کی نظر اس ٹوٹے شہر پہ بھی الٰہی تو فضل کر
	کھلی وین ایکبار تو سب کار و بار بند	
عاشق کہو اسیر کہو آگرے کا ہے مفلس کہو فقیر کہو آگرے کا ہے		ملا کہو دبیر کہو آگرے کا ہے شاعر کہو نظیر کہو آگرے کا ہے
	اسواسطے یہ اوسنے لکھے پانچ چار بند	

شہر اکبر آباد کی تعریف مین

شہر مکان مین اب جو ملا ہے مجھے مکان دیکھی ہین اگرچہ مین بہت ہمنے خوبیان		کیونکر نہ اپنے شہر کی خوبی کرون بیان ہر وقت اسمین شاد رہے ہین جہان تہان
	رکھیو الٰہی اسکو تو آباد جاودان	
ہر صبح اسکی رکھتی ہے وہ نور گستری ہر شام بھی وہ مشک ملاحت سے ہے بھری		شرمندہ جسکو دیکھکے ہو عارض پری لیلے کی جعد کر نہ سکے جسکی ہمسری
	دن روی مہر طلعت و شب زلف مہوشان	
باغات پر بہار عمارات پر نگار محبوب دلفریب گل اندام و گلعذار		بازار وہ کہ جسپہ چمن دل سے ہو نثار گلبن کہین ہین آپکو گلزار پر بہار
	کوچے کہین ہین ایسے نہین صحن گلستان	
آب و ہوا کی لطف کوئی کیا کیا اب کہے		دیکھو جدھر اودھر گل عشرت ہین کھل رہے

گرباز تیرے مہر نے کا کرون وصف مین رقم
تو تحریر صفحہ پہ ... لگے میرے قلم
پیرتی ہین اس روش کی بہار دنی ہوبہم
سو سو چمن بھرے ہوسے شبنم کے دیدہ نم
آجاتے ہین نظر وہین دریا کے درمیان
اہل شنا جو کرتے ہین سو سو طرح شنا
لہرین نشاط و عیش کی دکھتی ہین دلربا

ایضاً نظیر اکبرآبادی

ملتا نہین ... کسیکو جسنے ...
ساحل پہ ہوتی خلق سے ملتی نہین ہے جا
ہوتا ہے وہ ہجوم بھی اک جمگھٹا ہوا
باروجب لیجے کا ہر دو لیب ہے انتظام
ہستے ہین ایسے ... عجیب ... طبع شاد کام
ہر ... دل ... سے ہی ہے دعا مدام
بیری نظیر ... بصد امن اور امان

کنکوے اور پتنگ کی تعریف مین

بناری ہے ...
ہاں جن دنون مین ہوتا ہے آنا پتنگ کا
ہوتا ہے ... مکان مین بنانا پتنگ کا
گرنا ... کو اوڑانا پتنگ کا
سب کا ... ہوتون مین شور ہی اور پتنگ کا
اوڑانا ... وہ شوقی کی اور پتنگ کا
... اسکا طرح کسے بھی دار و پناہ
... ہے ... گیہان و دراہ
... نازو ... دکھلانا پتنگ کا

پھر ہمسے بھلا کیون کہ رہین باز کبوتر	
حیوان ہین گرچہ عجب انداز کے پرین آواز سے واقف ہین اشارون سے خبر ہین	صورت مین پری وار تو سیرت مین بشر ہین پرواز مین ہمشہپ عنقا سے نظر ہین
کیا گولے ہون اور کیا ہون گرہ باز کبوتر	
کیا بلبل و قمری و چپے بدڑی و پدے کیا طوطی و مینا و بئے تیتر و شکرے	چینڈول اگن لال بئے ابلقے طوطے طائر ہین غرض بازیِ اشغال کے جتنے
کی غور تو ہین سب سے سرافراز کبوتر	
ہین بصری اور کابلی شیرازی انساور طاؤسی کل پوٹیے نیلے گلی تقیہ	پویا چندن و سبز لکھی شتر و اکر تارون کے وہ انداز نہین بام فلک پر
جو کرتے ہین چھتری کے اوپر ناز کبوتر	
لقے ہین ادھر اپنی کساوٹ کو دکھاتے ہین جوگیے بھی رنگ کئی جوگ کے لاتے	جتنے ہین ادھر سیمبری اپنی جتاتے پرویکے پرے دیکھکے ہین چرخ مین آتے
جب حلقہ زنان کرتے ہین پرواز کبوتر	
کھیری و پیٹ و چپ و تقئی و کمرے کچھ کابرے تیرے مسی و نوسی و چلکے	زرچے وہ گل انگے اور لال آنکھ اور دیو زردے پھرتے ہین ٹھکانا سا لئے ہین خوشی سے
کیا کیا وہ غٹر غون کے خوش آوازہ کبوتر	
سمائی اور گھاگری تبنولی پان لال بھورے گمسی تانبڑی بری بھی خوش احوال	کچھ اگرئی اور سرمئی اور عنبری اور غال پھر سبزی اور کاسنی لوٹن بھی سبکبال

جو خوشامد کرے خلق اوس سے سدا راضی ہے
حد تو یہ ہے کہ خوشامد سے خدا راضی ہے

تاج گنج کے روضے کی تعریف میں

یارو جو تاج گنج یہان آشکار ہے
مشہور اسکا نام یہ شہر و دیار ہے
تحقیق مین سب طرح کا اسے اعتبار ہے
روضہ جو اس مکان مین دریا کنار ہے
نقشے مین اپنے یہ بھی عجب خوش نگار ہے

سقف و زمین یہ یون تو مکان خوب ہین میان
پر اس مکان کی خوبیان کیا کیا کرون بیان
سنگ سفید سے جو بنا ہے قمر نشان
ایسا چمک رہا ہے تجلی سے یہ مکان
جس سے بلور کی بھی چمک شرمسار ہے

گنبد سے اسکا زور بلندی سے بہرہ مند
گرد اوسکے برجیان بھی چمکتی ہوئی ہین چند
اور وہ کلس جو ہے سر گنبد سے سربلند
ایسا ہلال اوسمین سنہرا ہے دلپسند
ہر بار جسکے قہر پہ مہ تو نثار ہے

گنبد کے نیچے اور مکان ہین جو اوس پاس
وہ بھی ہر ایک رنگ سے کچھ ہین خوش اساس
[illegible]
بنتے ہین [illegible] اور [illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]

خوب دیکھا تو خوشامد کی بڑی کھیتی ہے مان خوشامد کے سبب چھاتی لگا لیتی ہے	غیر کیا اپنے ہی گھر بیچ یہ سکھو دیتی ہے نانی دادی بھی خوشامد سے دعا دیتی ہے

جو خوشامد کرے خلق اوس سے سدا راضی ہے
حد تو یہ ہے کہ خوشامد سے خدا راضی ہے

بی بی کہتی ہے میان تیرے مین صدقے جاؤن خالا کہتی ہے کہ کچھ کھا تیرے صدقے جاؤن	ساس بولی کہین مت جا تیرے صدقے جاؤن سالی کہتی ہے کہ بھیا تیرے صدقے جاؤن

جو خوشامد کرے خلق اوس سے سدا راضی ہے
حد تو یہ ہے کہ خوشامد سے خدا راضی ہے

آپڑا ہے جو خوشامد سے سروکار اوسے آشنا ملتے ہین اور چاہے ہین سب یار اوسے	ڈھونڈھتے پھرتے ہین الفت کے خریدار اوسے اپنے بیگانے غرض کرتے ہین سب پیار اوسے

جو خوشامد کرے خلق اوس سے سدا راضی ہے
حد تو یہ ہے کہ خوشامد سے خدا راضی ہے

روکھی اور روغنی آبی کی خوشامد کیجے ساقی و جام شرابی کی خوشامد کیجے	نان بائی و کبابی کی خوشامد کیجے پارسا رند خرابی کی خوشامد کیجے

جو خوشامد کرے خلق اوس سے سدا راضی ہے
حد تو یہ ہے کہ خوشامد سے خدا راضی ہے

مرد و زن طفل و جوان خرد و کلان پیر و فقیر سب کے دل ہوتے ہین پھندے مین خوشامد کے اسیر	جتنے عالم مین ہین محتاج و گدا شاہ و وزیر تو بھی واللہ بڑی بات یہ کہتا ہے نظیر

ہر سو نسیم چلتی ہے اور ہر طرف ہوا	ہلتی ہین ڈالیان سبھی ہر گل ہے جھولتا
کیا کیا روش روش پہ ہجوم بہار ہے	
سرو سہی کھڑے ہین قرینے سے لسترن رابیل سیوتی سے بھرے ہین چمن چمن	کو کو کرے ہین قمریان ہو کر شکر شکن گلنار لالہ و گل و نسرین و نسترن
فوارے چھوٹتے ہین رواں جو بیار ہے	
وہ تاجدار شاہ جہان صاحب سریر جو دیکھتا ہے اوسکے یہ ہوتا ہے دلپذیر	بنوایا ہے اونہون نے لگا سیم و زر کثیر تعریف اس مکان کی مین کیا کیا کرون نظیر
اسکی صفت تو مشتہر روزگار ہے	

در حمد الٰہی

الٰہی تو فیاض ہے اور کریم مقدس معلے منزہ عظیم	الٰہی تو غفار ہے اور رحیم نہ تیرا شریک اور نہ تیرا سہیم
تری ذات والا ہے یکتا قدیم	
ترے حسن قدرت نے یا کردگار یہ پہونچی نہین عقل اونکی ذرہ دار	کیے ہین جہان مین وہ نقش و نگار تحیر مین ہین دیکھکر بار بار
ہین جتنے جہان مین فہین و فہیم	
زمین پر سموات گردان کیے نباتات بحید نمایان کیے	نجوم اونمین کیا کیا درخشان کیے عیان بحد سے دُر دمرجان کیے
حجر سے جواہر بھی اور زر و سیم	

منقبت جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

یا محمد مصطفیٰ

یا محمد مصطفیٰ

یا محمد مصطفیٰ

یا محمد مصطفیٰ

بڑے بھے سلطنت کے اُنکے تو سے	بہ گفتم تخت رہ بر کن زگورے
ببین تا بادشہ یا پاسبانند	
کہاں ہے اگلی وہ شان وجلالت	کہاں وہ تاج وتخت وملک ودولت
پسکندر مجھے وہ صاحب کرامت	بگفتا تخت بر کندن چہ حاجت
کہ میدانم کہ مشت استخوانند	
گھڑی کی عمر ہو یا لاکھ کا سن	نظیر اس بزم سے چلنا ہے اکدن
جو ہوں بیمار ظاہر یا کہ باطن	نصیحت دارو سے تلخست ولیکن
نہ دارد خانہ سعدی ستانند	

خمسہ برغزل حافظ رحمۃ اللہ علیہ

کہاں وہ کیقبازی کارخانہ	کہاں وہ مے وہ جام خسروانہ
کہوں کیا مجھ سے لے بار یگانہ	سحر گاہانہ مخمور شبانہ
گرفتم بادہ با چنگ و چغانہ	
پڑا جب گوش میں وہ نالۂ نے	تو سوجھی اور ہی عالم کی اک شے
ہوئی مستی وہ مدہوشی جو دریے	نہادم عقل را رہ توشہ از مے
بہ ملک عاقبت کردم روانہ	
کیا پہلے ہی ساغر نے یہ دل شاد	کرشمہ اپنا ہا مجھکو نہ یاد
تو مجھکو کرکے ادراک جام امداد	نگارے مے فروشم عشوہ داد
کہ ایمن گشتم از مکر زمانہ	

وہی عاشق وہی معشوق دلجوست
وہی افتادہ وہی مغز اور وہی پوست
وہی جامی وہی دشمن وہی دوست
شراب وساقی وشاہد ہمہ اوست
خیال آب وگل در رہ بہانہ

یان بھی ہم تو ان کا ہی تمہین ہو یا محمد مصطفے

کہ عمر ما ہمان آن عالم روانند

بعطفی خیر تا محمل برانند

دلا پیش آن کہ این عالم برانند

نہ بھائی سے کوئی اپنا نہ فرزند

زن و فرزند یار و خویش پیوند

جہانتک یہ تماشے ہین مقابل

ارے نادان یہ سب ہین نقش باطل

نباید بستن اندر صحبت دل

گوہر یکتا تمہین ہو یا محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم

ہین جو یہ دونون جہانکی آفرینش کے چمن
باعث خلق اونکی ہو تم یا حبیب ذوالمنن
جسمین کیا کیا کچھ عیان ہین صنع خالق ذوالمنن
اور اک مطلع پڑھو نین مین سے جنکے سخن

سو سعادت کے قرین ہو یا محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم

تم ظہور اولین ہو یا محمد مصطفے
وجہ قرآن مبین ہو یا محمد مصطفے
ہمدم جان آفرین ہو یا محمد مصطفے
نزہت بستان دین ہو یا محمد مصطفے

زینت خلد برین ہو یا محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم

احمد مختار ہو تم پاشہ ہر دوسرا
خلق مین خواہش سے تم جس امر کی رکھو بنا
ہے تمہاری حکم کے تابع قدر بھی اور قضا
دیر اک پل درمیان آوے تو یہ امکان کیا

جسجگہ جی چاہو وہین ہو یا محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم

آپکے نقش قدم سے جو مشرف ہو زمین
راز تو خلقت کے تمکو ہی کھلے ہین شاہ دین
دیکھتا ہے اوسکی رفعت رات دن عرش برین
اور جو جو کچھ کہ ہین اسرار رب العالمین

سبکے تم پر حق امین ہو یا محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم

آپکا فضل و کرم کونین مین مشہور ہے
حشر مین گرچہ سزا ملنے کا بھی دستور ہے
اور ہمین ہر طور سے لطف و کرم منظور ہے
کیا ہوا لیکن دل اس امید سے مسرور ہے

تم شفیع المذنبین ہو یا محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم

مخبر صادق ہو تم اور حضرت خیر الورا
ہے تمہاری ذات والا منبع لطف و عطا
سرور ہر دوسرا اور شافع روز جزا
کیا نظیر اک اور بھی سبکی مدد کا آسرا

	گفت بیدار شو اے رہرو خواب آلودہ
یعنی ہے جان تری عشق مجازی کی بتی در ہوائے لب شیرین پسرانہا چند کنی	جب مین جاگا تو کہا اوس سے بہ شیرین سخنی دور کر دل سے یہ غفلت جو ہے خوبان کی جنی
	جوہر روح بیاقوت مذاب آلودہ
بیٹھے مستان ازل کرتے ہین یان شرب مدام شست وشوئے کن وانگہ بخرابات خرام	اے ہوا ایک یہ ہے میکدۂ قدس مقام توبھی وہ مے جو پیا چاہے تو اے نیک انجام
	تا نہ گردد ز تو این دیر خراب آلودہ
تو تو سیکھ آنکے یان اہل طریقت کا طریق آشنایان رہ عشق درین بحر عمیق	گر تجھے عشق حقیقی نے ہے کچھ دی توفیق ایک ادنی سا یہ اوس عشق کا نکتہ ہے دقیق
	غرق گشتند و نہ گشتند بآب آلودہ
یہ تو ہے معدن انوار ولیقین صدق وصفا پاک صافی شو واز چاہ طبیعت بدر آ	یہ وہ دریا نہیں تو جسمین کرے آ کے شنا گر تو چاہا ہے کہ یہان آوے تو اے غرق ریا
	کہ صفائی ندہد آب تراب آلودہ
کل عجب طرح کا اک نکتہ ہوا گوہر گوش گفت حافظ لغز ونکتہ بیاران مفروش	ہم تو پھرتے ہین نظیر عشق مین اپنا نہ بدوش کچھ جو حافظ نے کہا یاد ہے ہو دوش بدوش
	آہ ازین لطف بانواع عتاب آلودہ
	خمسہ بر غزل خود
ویساہی فلک نے یہ خلل ہجر کا ڈالا	تھا وصل کا جس طور نشاد دل مین دو بالا

کتنے سن سن کے ہوش کھوتے تھے
ہم اسی دن کو یار روتے تھے

آخر اوسکے تو یہ نئے طوفان
اب بھی ظالم ہماری بات کو مان

کہہ بھلا وہ جو کچھ کہے تھا جب
آہ اب ہمکو اس سے کیا مطلب
کچھ ہے سچ یا کہ جھوٹ ہے یہ سب
سچ بھی ہوگا تو تو کہے گا کب

شرم کا ہے کو کھلنے دیگی زبان
اب بھی ظالم ہماری بات کو مان

تو جو راتون کو اٹھ جاتا ہے
قہقہے مار کھلکھلاتا ہے
جی مین پھولا نہین سماتا ہے
ہمکو اب پھر یہ ہول آتا ہے

کہین ویسے ہی پھر ہون بہتان
اب بھی ظالم ہماری بات کو مان

آج جیسا کہین جو ہے ٹھانا
آفت اس حسن پر تو مت لانا
دیکھیو اونکے ساتھ مت جانا
اونکے تو سہارے مین مت آنا

اونسے ڈرتا ہے ہر گھڑی شیطان
اب بھی ظالم ہماری بات کو مان

تو بھلا گو کہ ہوشیار رہا
تجھے غافل نشے مین جب پایا
پر دیا جب نشا دغا سے پلا
پھر اچھوتا کسینے کب چھوڑا

رحم کر اپنے حال پر اے جان
اب بھی ظالم ہماری بات کو مان

جو ہیں سو ہیں یہی ختم الخیر والسلام | اور ہیں جو ہوں نظیر تو کہتا ہوں صبح و شام

سمرن مجھے بھلی ہے یہ پنجتن کے نام کی

دراظہار نعمتہای خدا

یہ نعمتیں عیاں ہیں جو عالم کے واسطے | ہینگی یہ سب میاں اسی آدم کے واسطے
کچھ تن کیواسطے ہیں کچھ اشکم کے واسطے | ہیں بیش بیش کے لیے کم کم کے واسطے

سب خوبیاں بنی ہیں یہ آدم کے واسطے
اور دم بنا ہے آہ فقط غم کے واسطے

محبوب گلعذار پریزاد سرخ فام | مطرب شراب ساقی و مینا صراحی جام
نازو ادا و چوچلے دولت کی دھوم دھام | ہستی نشاط و عشرت و عیش و طرب مدام

سب خوبیاں بنی ہیں یہ آدم کے واسطے
اور دم بنا ہے آہ فقط غم کے واسطے

اسباب عشرتوں کے ہیں جتنے جہاں تہاں | گلدان پاندان عطردان زرفشان
حقے بھرے چمکتے ہیں اور نیچے پیچوان | مشک و گلاب و عطر و چمن باغ و بوستان

سب خوبیاں بنی ہیں یہ آدم کے واسطے
اور دم بنا ہے آہ فقط غم کے واسطے

جتنے جواہرات ہیں سرخ و سفید لال | یاقوت لعل یمنی و نیلم فلک مثال
فیروزہ مونگا موتی و پکھراج خوشخصال | زر سیم فوج حشمت و املاک گنج و مال

سب خوبیاں بنی ہیں یہ آدم کیواسطے | اور دم بنا ہے آہ فقط غم کیواسطے

سب خوبیاں بنی ہیں یہ آدم کے واسطے
اور دم بنا ہے آہ فقط غم کے واسطے

دربیان تلاش زر

دنیا میں کون ہے جو نہیں مبتلائے زر
جتنے ہیں سب کے دل میں بھری ہے ہوائے زر
آنکھوں میں دل میں جان میں سینے میں جائے زر
ہمکو بھی کچھ تلاش نہیں اب سوائے زر
جو ہے سو ہو رہا ہے سدا مبتلائے زر
ہر ایک یہی پکارے ہے دن رات ہائے زر

جو شوخ سنگدل ہے پریزاد نرم ہو	زر وہ ہے جسکو دیکھ کے فولاد نرم ہو

جو ہے سو ہو رہا ہے سدا مبتلائے زر
ہر اک یہی پکارے ہے دنرات ہائے زر

کپڑے پہ گر لگا ہے طلائی کلابتون ہو دسترس تو چور اوچکے کو کیا کہوں	میں اوسکے تار تار کی تعریف کیا لکھوں میرے بھی دل میں ہے کہ میں ہی اسکو چھین لوں

جو ہے سو ہو رہا ہے سدا مبتلائے زر
ہر اک یہی پکارے ہے دنرات ہائے زر

جا لوگ روم شام میں زر کو کماتے ہیں دکھن سے زر کیواسطے سب یانکو آتے ہیں	ماچین چین زر کے جہاز آتے جاتے ہیں اور یانکے زر کیواسطے دکھن کو جاتے ہیں

جو ہے سو ہو رہا ہے سدا مبتلائے زر
ہر اک یہی پکارے ہے دنرات ہائے زر

سونیکی جدولیں جو کتابوں پہ عام ہیں جنکے ورق ورق ہی سنہرے تمام ہیں	وہ جدولیں وہ رنگ وہ سونیکے کام ہیں سب میں زیادہ اونکی ہی قیمت میں نام ہیں

جو ہے سو ہو رہا ہے سدا مبتلائے زر
ہر اک یہی پکارے ہے دنرات ہائے زر

اب جنکے گھر میں ڈھیر ہے سونیکے دام کے سب ملکے پاؤں چومتے ہیں اوسکے غلام کے	ہر اک امیدوار ہیں اونکے غلام کے کیا رتبے ہیں طلائے علیہ السلام کے
جو ہے سو ہو رہا ہے سدا مبتلائے زر	ہر اک یہی پکارے ہے دنرات ہائے زر

جتنی جہاں میں خلق ہے کیا شاہ کیا وزیر
پیر و مرید مفلس و محتاج اور فقیر
سب ہیں اسیر زر کے جال میں جی جانسے اسیر
کیا کیا کہوں میں خوبیاں زر کی میاں نظیر
جو ہے سو ہو رہا ہے سدا مبتلائے زر
ہر اک یہی پکارے ہے دنرات ہائے زر

دربیان شکوہ گذاری محبوب

فرصت تو سانس کی بھی نہیں آہ کیا کروں

ترے زاہد کا مکان ہے ... [illegible]
ہے دل کو میرے صبر نہ دلدار منہ لگائے
اک ایک عضو ... [illegible]
اوس آسمان ... کیون کہین آپ مین ہائے
فرصت تو سانس کی بھی نہین آہ کیا کرون
کیا بیبسی ہے اے مرے اللہ کیا کرون
چاہون کہ اوسکو غم مین اسیر کرون ...
تو دور بھاگتا ہے مجھے جانکر حقیر
کہتے تھے قتل کرتا ہے ظالم بہ تیغ [illegible]
کیا بیچارے غم مین پھنسا ہون مین ...
فرصت تو سانس کی بھی نہین آہ کیا کرون
کیا بیبسی ہے اے مرے اللہ کیا کرون

اب یار کو مناؤن کہ رکھون اجل کو تھام
اس کشمکش مین اب کہو کیا کیا کرون مین کام
فرصت تو سانس کی بھی نہین آہ کیا کرون
کیا بیبسی ہے اے مرے اللہ کیا کرون

گر یار کی خوشی نہ کرون تو وہ ہو خفا
اور جو اجل کو روکون تو مانے ہے وہ بڑا
عرصہ بقا زندگی کا ہو گھڑیون یہ آ لگا
اس دو گھڑی مین آہ مین کیا کیا کرون بھلا
فرصت تو سانس کی بھی نہین آہ کیا کرون
کیا بیبسی ہے اے مرے اللہ کیا کرون

گر اپنی زندگانی کا کرتا ہون مین حساب
پل مارنیکی دیر ہے پانی کا جون حباب
کیونکر ہے نہ غم سے مرے آنسوؤن کا آب
اتنی سی زندگی مین بھی کیا کیا سہون عذاب
فرصت تو سانس کی بھی نہین آہ کیا کرون
کیا بیبسی ہے اے مرے اللہ کیا کرون

جو جی چھپا گئے اب نہ سہون یار کی جفا
تو عاشقون کے بیچ کہاتا ہون بیوفا
اور جی کو دیکھتا ہون تو اک دم کی ہے ہوا
ان مشکلون کے بیچ کرون آہ اب مین کیا
فرصت تو سانس کی بھی نہین آہ کیا کرون
کیا بیبسی ہے اے مرے اللہ کیا کرون

گر ہاتھ دھو کے بیٹھ رہون اب مین صبر کر
تو لوگ طعنے دیتے ہین ہنس ہنس کے گھر بہ گھر
اور یار سے کہون تو وہ کرتا نہین نظر
اس بیکسی مین آہ کہان ٹیکون اپنا سر
فرصت تو سانس کی بھی نہین آہ کیا کرون
کیا بیبسی ہے اے مرے اللہ کیا کرون

مخمسہ در منقبت حضرت علی علیہ السلام

علی کی یاد مین رہنا عبادت اسکو کہتے ہین
علی کا وصف کچھ کہنا سعادت اسکو کہتے ہین
علی کی مدح کا پڑھنا کرامت اسکو کہتے ہین
علی کے نام کا لینا عبادت اسکو کہتے ہین
علی کی حب مین مرجانا شہادت اسکو کہتے ہین
اوسیکو سر جھکا سجدہ کیا خورشید انور نے
اوسیکو لا فتیٰ ہر دم کہا اللہ اکبر نے

اوسیکو ... کہا جان پیمبر نے
اوسیکو ولی ... دنیا و دین ... کہتے ہین
... [illegible]
خدا و مصطفیٰ سے قرابت اسکو کہتے ہین
... [illegible]
... اسکو کہتے ہین
... [illegible]

کھڑا ہو عرش کے آگے سبھونکو بخشواؤن گا ۔ پلا کر جام کوثر سبکو جنت بھیجواؤنگا

ملی کر دوستو بس یو شفاعت اسکو کہتے ہین

نظیر آوے وہ دن جو شاہ کو سب پرستان دیکھین ۔ تو پھر جنت کے صد قصے اونکو ہم بھی ان دیکھین

اور اب بینا ہین انکھو لسے نجف کا آستان دیکھین ۔ سر و پیر اپنے وہ دامان عالی سائبان دیکھین

قسم ایمان کی ہم ہین راحت اسکو کہتے ہین

در منقبت امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ

نور ظہور خالق اکبر کو کیا لکھون ۔ روح روان جسم پیمبر کو کیا لکھون

دریاے معرفت کے شناور کو کیا لکھون ۔ دونون جہان کے گوہر انور کو کیا لکھون

حیرت مین ہون کہ حیدر صفدر کو کیا لکھون

گر نور اوسکا دیکھو کہون شمس اور قمر ۔ وہ اوسکا ذرہ نور کا وہ اوسکا فیض پر

ثابت تو جون ستارے ہین اوس کفش پا اوپر ۔ اور قطب بھی تو اوس سے ہی قائم ہے بخط

حیر تمین ہون کہ حیدر صفدر کو کیا لکھون

گر فی المثل ہین اوسکو کہون روضۂ جنان ۔ جھکتی ہین بار عجز سے جنت کی ڈالیان

اور جو بتا ہین خوبی رضوان سے دون نشان ۔ سو وہ بھی اوسکے باغ کا ادنی ہے باغبان

حیر تمین ہون کہ حیدر صفدر کو کیا لکھون

اور جو کہون کہ چشمۂ آب حیات ہے ۔ یا خضر ہے تو یہ کوئی کہنے کی بات ہے

اوسکے عرق سے جسم کے یہ قطرہ جات ہے ۔ اور اوسکی اسکے فضل سے یارو نجات ہے

حیرت مین ہون کہ حیدر صفدر کو کیا لکھون

عالم ہے باغ و بوستان حضرت سلیم چشتی

شاہون کے بادشاہ ہو ...

خلقت کے رہنما ہو دنیا کے مقتدا ہو

تم صاحب سخا ہو محبوب کبریا ہو

شاہ و گدا ہین تابع سب تیری مملکت کے

کہ یہ بستہ عارفون کی کشتی کا
رشک ہے گلشن بہشتی کا
۶ عرس حضرت سلیم چشتی کا
باغ جنت ہے آج یہ درگاہ
پھول پھولے ہین فیض کے دلخواہ
دیکھو رضوان بہاریان کی واہ
دل مین کشت ہے ... واللہ
رشک ہے گلشن بہشتی کا
۶ عرس حضرت سلیم چشتی کا
یہ تجلی ہے ...
ابر رحمت کا نور برستا ہے
حور و غلمان کی روح ترستا ہے
اور اشارہ وہی نظر سا ہے
رشک ہے گلشن بہشتی کا
عرس حضرت سلیم چشتی کا
صحن درگاہ ہے باغ اور بوستان
اور مین زوار سب گل و ریحان
جی مین سب پھول پھول ہو شادان
... ہین ہر گھڑی ہر آن

	ہو بلبل خوش الحان حضرت سلیم چشتی	
چاکر ہین تیرے در کے فغفور اور خاقان ہین حکم مین تمھارے جن و پری و انسان		ہے سلطنت جہانکی سب تیرے زیر فرمان خوانِ کرم پہ تیرے ہے خلق ساری مہمان
	ہو وقت کے سلیمان حضرت سلیم چشتی	
خلقت ہوئی تمھارے سب نور سے مجسم ابر کرم سے تیرے دائم ہے سبز و خرم		تم سب سے ہو معظم اور سب سے ہو مکرم اور خوبیان جہان کی تمپر ہوئین مسلم
	عالم کا سب گلستان حضرت سلیم چشتی	
محتاج ہین تمھارے اک لطف کی نگہ کے خاکِ قدم تمھاری اور چشم مہر و مہ کے		پشت و پناہ ہو تم ہر اک گدا و شہ کے منزل پہ آکے پہونچے سالک تمھاری رہ کے
	ہو روشنی کے سامان حضرت سلیم چشتی	
روشن ہین تمسے پردے سب آسمان و زمین کے ذرہ نہین تفاوت تم آسمان ہو دین کے		چشم و چراغ ہو تم اب جملہ مومنین کے بیشک ضیاء دل ہو ہر صاحب یقین کے
	ہو آفتاب رخشان حضرت سلیم چشتی	
حرمت ہی دوستو نکو حضرت تمہاری لیوے رکھیو نظیر کو تم دو جگ مین آبرو سے		عالم ہے سب معطر تیرے کرم کی بو سے یہ چاہتا ہون اب مین سو دل کی آرزو سے
	اے موجدِ ہر احسان حضرت سلیم چشتی	

دربیان عرس حضرت سلیم چشتی

ذکر کیا یان گنہ کی زشتی کا		ہے یہ مجمع نکو سرشتی کا

رشک ہے گلشن بہشتی کا
عرس حضرت سلیم چشتی کا
بسکہ خلقت بھری ہے لالون لال
... الا مال
... حال
... مقال

رشک ہے گلشن بہشتی کا
عرس حضرت سلیم چشتی کا
چاہتے ہین ہم جو [illegible] بیان [illegible]
[illegible]
رشک ہے گلشن بہشتی کا
عرس حضرت سلیم چشتی کا
در بیان کلمہ طیبہ [illegible]

عرس درگاہ کے جو دیکھا واہ
بلبلون کی طرح چہک کر آہ
اور رہی گل کھلے ہین خاطر خواہ
سب ہی کہہ رہے ہین کر کے نگاہ

رشک ہے گلشن بہشتی کا
عرس حضرت سلیم چشتی کا

ہے بہم دور دور کا عالم
سب خوشی ہو کے جون گل شبنم
سبز و سرخ و سفید و زرد بہم
دیکھ سیر یہ کہتے ہین ہر دم

رشک ہے گلشن بہشتی کا
عرس حضرت سلیم چشتی کا

بھیڑ انبوہ خلق کی تکثیر
طفل و پیر و جوان غریب و فقیر
بادشاہ و گدا و میر و وزیر
پر سبھون کی زبان پہ یہ تقریر

رشک ہے گلشن بہشتی کا
عرس حضرت سلیم چشتی کا

کتنے دان سیمتن بھی پھرتے ہین
شوخ گل پیرہن بھی پھرتے ہین
غنچہ لب گلبدن بھی پھرتے ہین
دلربا دل شکن بھی پھرتے ہین

رشک ہے گلشن بہشتی کا
عرس حضرت سلیم چشتی کا

کتنے نظرون سے زخمی ہوتے ہین
کتنے الفت کے تخم بوتے ہین
کتنے دل اپنا مفت کھوتے ہین
کتنے موتی کھڑے پروتے ہین

[illegible] اور اپنی [illegible] دل مین [illegible]
[illegible] مسلمان [illegible]
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمد کا
اسی کلمہ سے کھلتا ہے [illegible]
اسی کلمہ [illegible] سب گلہون [illegible]
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمد کا

[illegible]

ایسکے نور سے خورشید کہلاتا ہے نورانی
اسی کلمہ کے باعث چاند کی روشن ہے پیشانی
اسی کلمہ کے باعث دین و دنیا مین ثنا خوانی
اسی کلمہ کو پڑھتے ہین فلک بعض و [illegible] یانی
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمد کا

اسی کلمہ سے ہین ای دل زمین و آسمان روشن
مہ و خورشید تارے عرش و کرسی لامکان روشن
اسی کلمہ سے ہین جنت کے باغ اور باغبان روشن
عوض جنت تو کیا اس کے [illegible] جہان روشن
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمد کا

[illegible] یہ عالم فانی
[illegible] زندانی
[illegible] پشیمانی
[illegible] آسانی
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمد کا
اسی کلمہ سے [illegible] ڈالا ہے
اسی کلمہ نے [illegible] ڈالا ہے
[illegible] ڈالا ہے
اسی کلمہ [illegible] ڈالا ہے
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمد کا

یہی کلمہ نجات اور مغفرت کا ہے بڑی چارا
اسی کلمہ سے ہم تری دوزخ ہوگی آتش کا تارا
اسی کلمہ سے ہم تم سب گنہگاروں کا چھٹکارا
اسی کلمہ سے ہوگا دین اور دنیا میں نستارا
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمدؐ کا

یہی کلمہ ترا ساتھی ہر وقت واں کام آویگا
یہی کلمہ ترا منہ چاند سے روشن بناویگا
یہی کلمہ تجھے گلزار جنت کے دکھاویگا
یہی کلمہ تجھے واں جام کوثر کا پلاویگا
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمدؐ کا

بڑی عزت بڑی حرمت سے جنت میں لیجاویگا
بہشتی کرکے حلہ نور کا تجھکو پہناویگا
محمدؐ کی شفاعت سے بھی تجھکو بخشواویگا
یہی کلمہ تجھے دیدار حق کا بھی دکھاویگا

صف محشر میں جب بہشت کا بچھیروارا اوتریگا
گناہوں کا ترے تب بوجھ اور بھار اوتریگا
یہی کلمہ ترا اوسپار رفیق ہمرہ بیڑا پار اوتریگا
اسی کلمہ کی دولت سے میاں تو پار اوتریگا
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمدؐ کا

میاں جب پل صراط اوپر تو اپنا پاؤں ڈالیگا
لگے گا جب تو واں گرنے تو یہ کلمہ بچالیگا
تو وہ تلوار کی ہو دھار تیرا پاؤں کھالیگا
یہی بازو پکڑ لیگا یہی تجھکو سنبھالیگا
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمدؐ کا

سوا نیزے کے اوپر جبکہ ہوگا آفتاب آیا
پڑیگا جب ترے تن پر بھی شعلہ اوسکا گرمایا
ہر اک گرمی کی تابش سے پھریگا سخت گھبرایا
یہی کلمہ چھتر بنکر کریگا تجھپہ واں سایا
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمدؐ کا

تلینگے جب وہاں سبکے عمل میزان کے پلے پر
تجھے تو لینگے جب دم اوس ترازو کے مچلے پر
جو ہلکے ہیں پڑینگے آتشیں گرز اونکے کلے پر
یہی کلمہ میاں واں بھی ترے ہوویگا پلے پر
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمدؐ کا

جو پورے ہیں میاں اونکی تو ہوگی گرم بازاری
ترا پلا بھی جب گرنے لگا واں جا بسکساری
لکھی ہے جنس جنکی اونکی واں ہوگی بڑی خواری
یہی کلمہ بناویگا ترے پلے کو واں بھاری
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمدؐ کا

پڑیگا العطش کا شور اوس میدان میں جب اکثر
ترے بھی جب لگینگے سوکھنے تالو زبان یکسر
پھرینگے پانی پانی کرتے مارے پیاس کے اکثر
یہی کلمہ تجھے پانی پلاویگا میاں بھر بھر
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمدؐ کا

میاں اب جو یہ کلمہ ہے یہ حق کی خاص نعمت ہے
یہ صدقے سے رسول اللہؐ کے ہم پر عنایت ہے
اسی کے یاں تفضل عزت اسی سے واں شفاعت ہے
یہی سب نعمتوں سے اسواسطے افضل عبادت ہے
پڑھا کر صدق دل سے رات دن کلمہ محمدؐ کا

[illegible]

گلستان کی چمن کی باغ کی گلزار کی راکھی		
ادا سے ہاتھ او ٹھتے ہین گلِ راکھی جو ہلتے ہین		کلیجے دیکھنے والونکے کیا کیا آہ چھلتے ہین
کہان نازک کلے پہونچے اور کہان یہ رنگ ملتے ہین		چمن مین شاخ پر کب اسطرح سے پھول کھلتے ہین
جو کچھ خوبی مین ہی اوس شوخ گل رخسار کی راکھی		
پھر ان یا مین راکھیان باندھی جو ہر دم حسن کے مارے		تو اون کی راکھیونکو دیکھ اے جان چاوکے مارے
پہن زنار اور قشقہ لگا ماتھے اوپر بارے		نظیر آیا ہی باہمن بنکے راکھی باندھنے پیارے
بندھالو اوس سے تم ہنسکر اب اس تیوہار کی راکھی		

مخمس ہولی

قاتل جو میرا اوڑھے اک سرخ شال آیا		کھا کھا کے پان ظالم کر ہونٹھ لال آیا
گویا نکل شفق سے بدر کمال آیا		جب منہ سے وہ پری رو ملکر گلال آیا
اک دم تو دیکھ اوسکو ہولی کو حال آیا		
عیش و طرب کا سامان ہی آج سب گھر اوسکے		ایسو تو نہین ہے کوئی دنیا مین ہمسر اوسکے
از ماہ تا بماہی بندے ہین بیزر اوسکے		کل وقت شام سورج ملنے کو منہ پر اوسکے
رکھکر شفق کے سر پر طشت گلال آیا		
خالص کہین سے تازی اک زعفران منگاکر		مشک و گلاب مین بھی ملکر اوسے لباکر
شیشے مین بھر کے نکلا چپکے لگا چھپاکر		مدت سے آرزو تھی اک دم لگا چپکا کر
اک دن صنم پہ جاکر مین رنگ ڈال آیا		
ارباب بزم پھر تو وہ شاہ اپنے لیکر		سب ہمنشین حسب دلخواہ اپنے لیکر

کرتے ہین اب ملامت خرد و کبیر تجھکو
لاحول پڑھکے شیطان بولا نظیر تجھکو
اب ہولی کھیلنے کا پورا کمال آیا

مخمس

چمن مین آج نسیم بہار آپہونچی
نوید نکہت گل بیشمار آپہونچی
صداے قمری و صوت ہزار آپہونچی
جنون کے فوج کی دل پر پکار آپہونچی

تو صورت اور کسی کی اوٹھا کر پلک نہ دیکھ سکا

[illegible]

ابھی تو آہ جنون میں شراب ہے باقی

ہمارے جام کی شاید چھلک نہ دیکھ سکا

کبھی ادھر کو جو قاصد ترا گذر ہووے

دیا کہ راہ میں جاتے کہیں وہ جھٹ سے

تو آہ بھر کے یہ کیسو تو اوس پہ پردے

نظر بھر کے نہ ہوتا کبھی جدا یار سے

یہ کیا کرے کہ یہ کافر فلک نہ دیکھ سکا

کھلے سے چاروں طرف زور تختۂ گلزار		چلے ہے سرو و صبا اور نسیم عنبر بار
خبر سنی ہے کہ آتا ہے وہ گل بیخار		گئی مصیبت روز فراق سب یکبار
	کہ اب قریب شب وصل یار آ پہونچی	
کوئی ہے وصف کرے گل کی تاجداری کا		کسیکو ذکر ہے بلبل کی بیقراری کا
نہیں یہ وقت مری جان اضطراری کا		نہیں ہے وقت مری جان آہ و زاری کا
	خوشی ہو اب کہ حد انتظار آ پہونچی	
